Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14 | جمعرات، 22 اگست 2024ء، 15 صفر المظفر 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 284

سمگلنگ کے خاتمے کیلئے تمام ادارے کوششیں تیز کریں، وزیراعظم

سمگلنگ میں ملوث عناصر اور انکے سہولت کاروں کے ساتھ ساتھ ٹرانسپورٹرز کی سمگلنگ میں استعمال ہونے والی گاڑیوں کو ضبط کر کے انکے خلاف قانونی کارروائی کی جائے

سمگلنگ میں ملوث افراد کو پاکستان کی معیشت کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے، ایف بی آر، وزارت داخلہ اور دیگر ادارے آپس میں تعاون مزید بہتر کریں شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ سمگلنگ کے ناسور کے ملک سے مکمل خاتمے کیلئے تمام ادارے اپنی کوششیں تیز کریں، سمگلنگ میں ملوث افراد کو پاکستان کی معیشت کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وہ بدھ کو اپنی زیر صدارت سمگلنگ کی روک تھام کے حوالے سے جائزہ اجلاس میں گفتگو کررہے (بقیہ نمبر 1)

بجلی استعمال کرنیوالے 70 فیصد پاکستانی بل نہیں دیتے، ایشیائی بینک

پاکستان کا ناکافی ٹیرف نظام ایک پیچیدہ مسئلہ ہے،

"پاکستان نیشنل اربن اسسمنٹ" کے عنوان سے ایک رپورٹ میں بینک کا دعویٰ

کراچی (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے کہا ہے کہ پاکستان میں تقریباً 70 فیصد ملازمین بجلی کے بل ادا نہیں کرتے جس کی ایک وجہ ادائیگی نہ کرنے کی سکت سمیت بلنگ اور وصولی میں بے ضابطگیاں بھی ہیں۔ ایک رپورٹ کے مطابق (بقیہ نمبر 2)

پورے نظام اقتصاد کو اسلامی بنانے کی اشد ضرورت ہے

ہم نے اس بات کا عہد کیا ہے کہ پاکستانی معاشرے کو ایک اسلامی معاشرہ بنانے کی کوشش کریں گے

پاکستانی معاشرے کو اسلامی معاشرہ بنانے کی کوشش کریں گے، شیخ ڈاکٹر شبیر میثمی کا سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) الصادق ع انسٹیٹیوٹ آف اسلامک بینکنگ فنانس اینڈ تکافل اور سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس سی سی پی) کے مشترکہ تعاون سے جامعۃ الکوثر اسلام آباد میں سیمینار بعنوان "اسلامی مالیاتی اداروں میں علماء کرام کا کردار" منعقد کیا گیا۔ اس سیمینار میں شیخ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی (چیئرمین، الصادق ع انسٹیٹیوٹ و شریعہ ایڈوائزری کمیٹی ممبر اسٹیٹ بینک آف پاکستان) مولانا سید مظہر عباس زیدی (ممبر ایگزیکٹو کمیٹی الصادق ع انسٹیٹیوٹ) طارق نسیم (ہیڈ اسلامک فائنانس (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: الصادق انسٹیٹیوٹ آف اسلامک فنانسنگ کے چیئرمین ڈاکٹر شبیر حسن میثمی، طارق نسیم، سید مرتضی عباس، مولانا مظہر زیدی، زاہد لطیف خان، مولانا اشرف علی و دیگر سیمینار سے خطاب کررہے ہیں۔

اپنے گھر سے بڑی کوئی نعمت نہیں، پنجاب حکومت گھروں کی تعمیر کیلئے بلاسود 15 لاکھ روپے قرض دیگی

"اپنی چھت، اپنا گھر" منصوبے کا افتتاح

الحمدللہ پنجاب ہر چیز میں لیڈ لے رہا ہے، مریم نواز

شہری علاقے میں ایک سے پانچ مرلے اور دیہات میں ایک سے 10 مرلے تک کے پلاٹ مالک کو 15 لاکھ روپے قرض دیا جائیگا قرض کی مد میں پہلے تین ماہ ایک پیسہ تک نہیں دینا ہوگا، زیادہ سے زیادہ 14 ہزار روپے قسط ادا کرنی ہوگی

قرض پر کوئی سود نہیں، کوئی پوشیدہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کا سب سے زیادہ انتظار نواز شریف کو تھا وہ کہتے ہیں کہ حکومت کسی کو اپنی چھت، اپنا گھر دے، اس سے بڑھ کر کوئی خدمت نہیں

کتنا قرض دیں گی، کتنا سود دینا پڑے گا اور کتنے عرصے میں ادا کرنا پڑے گا، خاتون کا وزیر اعلی سے سوال، 15 لاکھ روپے دیں گے، کوئی سود نہیں، 7 سال میں قرض واپس کرنا ہوگا، وزیراعلی کا جواب

گھروں کے ماڈل کو دیکھا تو بہت اچھا لگا، چھوٹی سی انٹرنس، ٹی وی لاؤنج، دو بیڈروم، کچن اور واش روم شامل، تمام گھر ماڈل کے معیار کے مطابق تعمیر کرنے کی ہدایت کی ہے، تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے کہا ہے کہ الحمدللہ پنجاب ہر چیز میں لیڈ لے رہا ہے، لوگوں کی دوڑیں لگی ہوئی ہیں، سولہ سولہ گھنٹے کام اور ہر سکیم کی کڑی مانیٹرنگ کر رہی ہوں۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلی مریم نوازشریف نے کہا کہ اگر ہر طرح کی نعمت ہو اپنی چھت، اپنا گھر نہ ہو تو انسان کو وہ کمی محسوس ہوتی ہے جو لفظوں میں بیان کرنا بہت مشکل ہے۔ بہت سے (بقیہ نمبر 40)

نعمان نامی ڈولفن پولیس اہلکار نے مار دھاڑ اور پیسے بٹورنا معمول بنا لیا

گزشتہ روز اور آج صبح بھی جی ایٹ کی مسیحی آبادیوں میں پیسے بٹورنے کے لیے گلی محلوں، گھروں کے سامنے منڈلاتا نظر آتا ہے

شہری پولیس اہلکار نعمان سے عاجز آگئے، اعلیٰ حکام سے پولیس اہلکاروں کے خلاف کارروائی کرنے کی اپیل

اسلام آباد۔ ڈولفن اہلکار G-8 اسلام آباد میں مسیح برادری آبادی میں ڈیرے ڈال کرنگ کرنے میں معروف۔

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) اسلام آباد ڈولفن پولیس کے جوان کا گلیوں گھروں اور محلوں میں مٹر گشت۔ ڈیوٹی سے ماردھاڑ اور پیسے بٹورنا معمول۔ شہری عاجز آگئے۔ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل۔ ذرائع کیمطابق نعمان نامی ڈولفن پولیس اہلکار جوکہ صبح کی شفٹ میں ڈیوٹی سرانجام دیتا ہے گزشتہ روز اور آج صبح بھی قریب ساڑھے نو بجے جی ایٹ کی مسیحی آبادیوں میں پیسے بٹورنے کے لیے گلی، محلوں، گھروں کے سامنے منڈلاتا نظر آتا ہے۔ جس کی ویڈیو بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہو چکی ہے مسیحی برادری کے مذہبی رہنماؤں اور مختلف چرچز کے پادریوں کا آئی جی۔ ڈی آئی جی اسلام آباد۔ ڈولفن ایس پی اور ڈی ایس پی ڈولفن سے ان پولیس اہلکاروں کے خلاف ایکشن لینے کی اپیل۔ مسیحی برادری کا کہنا ہے کہ وطن عزیز کے آئین میں تو مسیحی اور اقلیتی برادری کو تمام حقوق حاصل ہیں لیکن عملی طور پر جانی و مالی تحفظ اور بنیادی حقوق حاصل نہیں کیا ڈرتے اور کانپتے ہوئے مسیحی پاکستان میں آزاد ہیں۔ مسیحی سیاسی سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ مسیحی برادری کے آباؤ اجداد نے حصول پاکستان کے لیے قیمتی جانوں کے نذارنے پیش کیے ہر مشکل وقت میں ملک و قوم کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں ڈی آئی جی آپریشنز کے حکم کو شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے تاہم یہ کرپٹ اہلکار اعلی حکام کے اس عزم کو مذاق سمجھتے اور مسیحی برادری وعوام کو مسلسل اذیت سے دوچار کرتے ہیں جنکے خلاف ایکشن لینے کا مطالبہ کیا گیا ہے اور مسیحی آبادیوں میں سی سی ٹی وی کیمرے نصیب کیا جائے۔

بلوچ سپریم کونسل پاکستان میں بلوچ رہنماؤں کی شرکت

بلوچ سپریم کونسل پاکستان کے مرکزی دفتر رجانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سینئر بلوچ رہنماؤں کی آمد آنے والے معززین کا پرتپاک استقبال کیا گیا

آپ اپنے اردگرد بلوچ قوم کے بھائیوں کا خیال رکھے اوران کے دکھ سکھ میں ضرور شرکت کرے، وائس چیئرمین سردار عبدالرحمٰن خان بلوچ

حاصل پور (بیورو چیف) بلوچ سپریم کونسل پاکستان میں بلوچ رہنماؤں کی شرکت۔ بلوچ سپریم کونسل پاکستان کے مرکزی دفتر رجانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں سینئر بلوچ رہنماؤں کی آمد آنے والے معززین کا پرتپاک استقبال کیا گیا سینئر وائس چیئرمین عبدالرحمان خان بلوچ ضلعی صدر حافظ ریاض خان بلوچ ٹوبہ ٹیک سنگھ نے شاندار استقبال کیا ضلعی صدر خانیوال سردار فدا حسین خان بلوچ سینئر بلوچ رہنما بابا عبدالرزاق خان لاشاری بلوچ ضلع خانیوال سینئر رہنما سردار اختر عباس خان بلوچ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ سینئر رہنما سردار عامر خان بلوچ ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ اور حسیب الرحمٰن خان بلوچ اور تنظیم سازی کے حوالے سے بات چیت پر تبادلہ خیال ہوا بلوچ قوم کی فلاح بہبود ترقی اور اتحاد پر زور دیا گیا وائس چیئرمین سردار عبدالرحمٰن خان بلوچ نے مزید کہا کہ آپ اپنے اردگرد بلوچ قوم کے بھائیوں کا خیال رکھے اوران کے دکھ سکھ میں ضرور شرکت کرے اورایک دوسرے سے حال احوال لیتے رہے ہوسکتا ہے کہ اسے کبھی آپ کی ضرورت ہواوروہ آپ کا منتظر ہو مہنگائی کا مشکل ترین دور ہے بغیر کسی کو بتائے ایک دوسرے کی مدد کرو اور آنے والے معزز عہدیداران کی ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ رجانہ آمد پر ضلعی عہدیداران نے شکریہ ادا کیا۔

عمر ایوب خان عدالتی اسٹے کے پیچھے چھپ رہے ہیں، بابر نواز خان

وہ صاف وشفاف انتخابات کا بیانیہ لیکر چمپیئن بنتے ہیں جبکہ وہ خود دھاندلی کے ذریعے جیت کر آئے ہیں، یہ کرپشن کی بادشاہ فیملی ہے

پی ٹی آئی کے دور اقتدار میں موصوف کے اثاثے دوسو سے تین سوگنا بڑھ گئے، انکے پردادا کے بعد سے بننے والی جائیداد کا آڈٹ ہونا چاہیئے

عمر ایوب کی طرف سے مجھ اور میری فیملی پر لگائے جانیوالے بے بنیاد الزامات پر انہیں اپنے وکلاء کے ذریعے قانونی نوٹس بھیج دیا ہے

اسلام آباد: ہری پور سے سابق ایم این اے بابر نواز خان این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں (فوٹو جاوید اے ملک این پی سی)

اسلام آباد (سدھیر احمد کیانی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے رہنماء اور ہری پور سے سابق رکن قومی اسمبلی بابر نواز خان نے کہا ہے کہ اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان عدالتی اسٹے کے پیچھے چھپ رہے ہیں، وہ صاف و شفاف انتخابات کا بیانیہ لیکر چمپیئن بنتے ہیں جبکہ وہ خود دھاندلی کے ذریعے جیت کر آئے ہیں، یہ کرپشن کی بادشاہ فیملی ہے، پی ٹی آئی کے دور اقتدار میں موصوف کے اثاثے دوسو سے تین سوگنا بڑھ گئے، انکے پردادا کے بعد سے بننے والی جائیداد کا آڈٹ ہونا چاہیئے، اگر وہ سچے ہیں تو الیکشن کمیشن میں میری درخواست کا سامنا کریں اور جعلی ووٹوں اور فارم 45 اور فارم 47 کا شور میڈیا پر ڈالنے کے بجائے الیکشن کمیشن میں ڈالیں، صرف ہری پور کا ایک حلقہ کھول دیں ساری حقیقت سب کے سامنے آ جائے گی، میرا مقابلہ محترمہ فاطمہ جناح کے نام کی تختی ایک کتیا کے گلے میں لٹکانے والوں کیساتھ ہے، عمر ایوب کی طرف سے مجھ اور میری فیملی پر لگائے (بقیہ نمبر 5)

پاکستان تحریک انصاف کی رہنما اور سابق امیدوار قومی اسمبلی

محترمہ انبساط طاہر صادق کا حلقہ این اے 49 اٹک کا دورہ

انبساط طاہر صادق اپنے گروپ کے سپورٹرز کے گھر گئیں۔ اور ان کے عزیز واقارب کی وفات اظہار تعزیت کی

اپنے کارکنوں کے غم میں شرکت کر کے انکو یقین دلایا کے اپنے والد کے نقشہ قدم پر چلتے ہوئےآپ کے ہر دکھ سکھ میں آپ کے ساتھ رہیں گے

اسلام اباد (ثاقب خان کھٹڑ) پاکستان تحریک انصاف کی راھنما اور سابق امیدوار قومی اسمبلی محترمہ انبساط طاہر صادق کا حلقہ این 49 اٹک کا دورہ۔ انبساط طاہر صادق اپنے گروپ کے سپورٹرز کے گھر گئیں۔ اوران کے عزیز واقارب کی وفات اظہار تعزیت کی۔ وہ.. علی خان کی چچی کی وفات پر تعزیت کے لیے محلہ شاہ آباد.. سجاد احمد کے والد کی وفات پے حاضری محلہ شاہ آباد ... شیخ غیاث کے بھائی کی وفات پر تعزیت کی محلہ عیدگاہ ڈھوک فتح میں شیخ فیاست کی خالا حاجی زاہد کی بیوی محلہ مہرپورہ شرقی اور حاجی نثار سابقہ کونسلر کی بھابی کی وفات پر دلی افسوس کا اضہار کیا اور اپنے کارکنوں کے غم میں شرکت کر کے انکو یقین دلایا کے اپنے والد کے نقشہ قدم پر چلتے ہوے اپ کے ہر دکھ سکھ میں اپ کے ساتھ رہیں گے۔

باشعور ملازمین سی ڈی اے کے مخالفین کی سیاست کو ہمیشہ کیلئے دفن کر دینگے، چوہدری محمد یٰسین

سی ڈی اے مزدور یونین ہر محاذ پر ملازمین کا تحفظ کرنا جانتی ہے، مشکل ترین حالات میں ملازمین کو 20 فی صد مہنگائی الاؤنس دلوایا، اورنگزیب خان

سی ڈی اے مزدور یونین سی بی اے کمیٹی پارلیمنٹ لاجز اینڈ ہاسٹل کی طرف سے قائدین مزدور یونین کے اعزاز میں شاندار استقبالیہ تقریب کا انعقاد

تمام ملازمین سی ڈی اے مزدور یونین کے ساتھ ہیں ریفرنڈم میں تمام ملازمین سی ڈی اے مزدور یونین کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) سی ڈی اے مزدور یونین سی بی اے کمیٹی پارلیمنٹ لاجز اینڈ ہاسٹل کے زیر اہتمام ترقی پانے والے ملازمین میں لیٹر تقسیم کرنے کے حوالے سے تقریب کا اہتمام گورنمنٹ ہاسٹل میں کیا گیا جس میں سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین، صدر اورنگزیب خان، چیئرمین راجہ شاکر زمان کیانی، سپریم ہیڈ صوفی محمود علی، حاجی صابر حسین، حاجی مشتاق احمد شاہد، سردار محمد آصف، علی اصغر مانی بٹ، ملک عاصم، چوہدری منیر، چوہدری طارق گجر، چوہدری واجد گجر، چوہدری ابرار، بابر حسین، سلطان بہادر، بابر رشید، قاری عمردراز، چوہدری نثار، صلاح الدین خان، راجہ شکیب الحسن، چوہدری صبور سمیت سی بی اے کمیٹیوں کے نمائندگان اور ملازمین نے کثیر تعداد میں شرکت کی، تقریب میں ترقی پانے والے ملازمین نے سی ڈی اے مزدور یونین کے قائدین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے مزدور یونین ہی حقیقی تنظیم ہے جو ملازمین کی (بقیہ نمبر 6)

ایم کیو ایم پاکستان بلدیہ کراچی کے خلاف میدان میں آ گئی

ایم پی اے عامر و دیگر کا عدالت جانے کا اعلان، میونسپل کمشنر نے ہمارے کسی لیٹر پر کاروائی نہیں کی

اپوزیشن لیڈر نے بھی میئر کراچی اور میونسپل کمشنر کو خط لکھے کوئی کاروائی نہیں ہوئی۔ ایم کیو ایم کا ردعمل

کراچی کھنڈرات میں بدل گیا۔ معمولی بارش بھی شہر برداشت نہیں کرسکا یہ نا اہل بلدیہ کی وجہ سے ہوا

کراچی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان بلدیہ کراچی کے خلاف میدان میں آ گئی۔ ایم پی اے عامر و دیگر کا عدالت جانے کا اعلان، میونسپل کمشنر نے ہمارے کسی لیٹر پر کاروائی نہیں کی۔ اپوزیشن لیڈر نے بھی میئر کراچی اور میونسپل کمشنر کو خط لکھے کوئی کاروائی نہیں ہوئی۔ ایم کیو ایم کا ردعمل۔ کراچی کھنڈرات میں بدل گیا۔ معمولی بارش بھی شہر برداشت نہیں کرسکا یہ نااہل بلدیہ کی وجہ سے ہوا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی میں سڑکوں کی تباہی، لینڈ گریبنگ اور صفائی کے ناقص انتظامات پر متحدہ قومی موومنٹ پاکستان نے عدالت جانے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ نمائندے سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیو ایم کے سندھ اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر علی خورشیدی اور ایم پی اے عامر کا کہنا تھا کہ کراچی کو بے یارومددگار نہیں چھوڑیں گے۔ میونسپل کمشنر اپنے فراءِ کی ادائیگی میں ناکام رہے ہیں۔ میئر کو سیاست سے فرصت نہیں۔ کراچی کے اربن (بقیہ نمبر 4)

صدر مملکت کا پاکستانی زائرین کی بس کے المناک حادثے پر دلی رنج وغم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایران میں پاکستانی زائرین کی بس کے المناک حادثے پر (بقیہ نمبر 49)

فیض حمید کے اوپن ٹرائل کا مطالبہ فوج کے معاملات میں مداخلت ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی جانب سے لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے اوپن ٹرائل کا مطالبہ فوج کے معاملات میں مداخلت ہے، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی مسلسل کوشش ہے کہ وہ اپنے بیانات سے اس معاملہ کو متنازعہ بنائیں، فیض حمید کے دفاع میں بیان دینے والا بانی چیئرمین (بقیہ نمبر 42)

میاں رضا ربانی کی ہمشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اسپیکر نے میاں رضا ربانی کے نام اپنے تعزیتی پیغام میں کہا محترم میاں رضا ربانی کی ہمشیرہ کی وفات کا سن کر دلی دکھ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں وہ ان کے خاندان کے دکھ میں (بقیہ نمبر 43)

پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن پنجاب کے نئے سال کے انتخابات مکمل

پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن کے انتخابات میں راول پنڈی سے محمد آصف صدر اور ملک وقار علی نائب صدر منتخب

کامیابیوں کا سفر جاری رہے گا اور انکی صلاحیتیں کوششیں نومنتخب عہدیداران کے ساتھ ہیں، محمد بشیر خطار کی نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد

اسلام آباد (نامہ نگار) پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن پنجاب کے نئے سال کے انتخابات مکمل، محمد آصف صدر اور ملک وقار علی نائب صدر منتخب ہوگئے۔ پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن کی ایڈوائزری کمیٹی نے ڈویژن بھر کے ذمہ داران کی مشاورت کے بعد محمد آصف راولپنڈی صدر، نائب صدر ملک وقار علی، عتیق اکبر ساہیوال سیکرٹری جنرل، عبدالوحید یوسف بہاولپور سنئیر نائب صدر، ڈاکٹر عزیز الرحمٰن چوہدری گوجرانوالہ سنئیر نائب صدر، عاطف چوہدری جھنگ سنئیر نائب صدر، راؤ وقاص احمد ایڈووکیٹ خوشاب نائب صدر، نعیم قمر حافظ آباد اسلام آباد نائب صدر، غنی محمد گجر ڈیرہ غازیخان جوائنٹ سیکرٹری، چوہدری سعود مختار وہاڑی سیکرٹری فنانس، جہانگیر ایثار لاہور سیکرٹری انفارمیشن مقرر ہوئے جبکہ حاجی محمد اشفاق وڑائچ وزیر آباد سرپرست اعلیٰ، علی رضا شیخ چیئرمین لاہور، محمد یاسین رامے رحیم یار خان چیئرمین ایڈوائزری کونسل بن گئے قابل ذکر امر یہ ہے کہ پاکستان بھر میں پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن واحد تنظیم ہے جس کے سالانہ انتخابات ہوتے اور ہر مرتبہ نئے عہدیداران منتخب ہوتے ہیں نئی باڈی کے ذمہ داران کا ایک ماہ کے اندر اندر راولپنڈی میں تقریب حلف برداری ہوگی جسمیں پاکستان بھر سے ذمہ داران شرکت کرینگے علاوہ ازیں سندھ، بلوچستان، کے پی کے، آزاد کشمیر، اسلام آباد کی باڈیوں کے بھی اعلان جلد ہونگے۔ سابق صدر پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن پنجاب محمد بشیر خطار نے نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کامیابیوں کا سفر جاری رہے گا اور انکی صلاحیتیں (بقیہ نمبر 7)

منتخب ہونے کے بعد اپنی یوسی کو رول ماڈل بناؤں گا، رازق علی راجہ

ہم کامیابی کے بعد اپنی یونین کونسل میں لوگوں کو گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کریں گے

پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار برائے چیئرمین یوسی 7 رازق علی راجہ کا کاغذات نامزدگی جمع کرانے کے بعد خصوصی انٹرویو

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) میری سیاست خدمت پر مبنی ہے ہم اگر روٹی کپڑا اور مکان کے منشور پر عمل کرین تو معاشرے سے کئی جرم ختم ہو جائیں، اپنی یوسی کو رول ماڈل بناؤں گا، رازق علی راجہ پاکستان پیپلز پارٹی کے نامزد امیدوار برائے چیرمین یوسی 7 رازق علی راجہ نے اپنے پینل کے ہمراہ کاغذات نامزدگی جمع کرانے کے بعد خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ہم اگر اپنے پارٹی منشور پر من عن عمل کریں تو ہمارے معاشرے سے جرائم کا خاتمہ ہوسکتا ہے انہوں نے کہا ہم کامیابی کے بعد اپنی یونین کونسل میں لوگوں کو گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کریں گئے غریب اور مظلوم افراد کے لئے ہمارے دروازے ہر وقت کھولے ہوں گے۔

PAGE 2 EDITORIAL ادارتی صفحہ

Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ

سندھ اور پنجاب میں شعبۂ صحت پر حکومتی توجہ

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے انسانیت کے عالمی دن پر انسانوں کی خدمت کرنے والوں کو سلام پیش کیا ہے اور اپنے پیغام میں کہا ہے کہ دنیا بھر میں انسانیت کے خدمت گاروں کو خراجِ تحسین پیش کرتی ہوں۔ انسانیت کی خدمت کا عظیم مقصد قوموں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرتا ہے۔ خدمت میں مصروف تمام ریسکیو رز، ڈاکٹرز، نرسز، امدادی کارکنان کو سلام پیش کرتی ہوں۔ عوام کی خدمت کے لیے تعلیم، صحت اور فلاحی منصوبے اولین ترجیح ہیں۔ انسانیت کی خدمت کے لیے پاکستان کی پہلی ائیر ایمبولینس پراجیکٹ لانچ کیا ہے۔ انسانیت کی خدمت کے عزم کو نبھاتے ہوئے ہسپتال اور مراکز صحت کی اپ گریڈیشن شروع کی ہے۔ فیلڈ ہسپتال، کلینک آن ویلز اور مفت ادویات دہلیز پر پہنچائی جا رہی ہیں۔ دوسری جانب، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ سندھ کے صحت کا ماڈل تمام صوبوں کے ساتھ شیئر کرنے کو تیار ہیں۔ جناح ہسپتال کراچی میں دو جدید وارڈز اور سائبر نائف کی جدید ترین سہولیات کا افتتاح کرنے کی تقریب سے خطاب کے دوران انھوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کراچی آئیں تو ہم انھیں پیشکش کریں گے کہ وہ ایسے ہسپتال پنجاب میں بنانے کے لیے ان کی مدد کرنے کو تیار ہیں۔ ہم سے مراد علی شاہ لے جائیں، عذرا پیچوہو لے جائیں تاکہ لاہور میں بھی ایسے ہسپتال بن سکیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے مزید کہا کہ مجھے آج ہی پتا چلا کہ سائبر نائف کا علاج صرف سندھ میں ہو رہا ہے۔ کینسر کے پیپ سی ٹی اسکین بھی صرف جناح ہسپتال میں مفت ہو رہا ہے۔ باقی صوبے ایک تو مہنگا علاج کرتے ہیں پھر صحت کارڈ کے ذریعے پرائیویٹ کمپنیوں کو فائدہ بھی پہنچاتے ہیں۔ چیئرمین پی پی نے جو کچھ کہا اس سے ایسا تاثر ملتا ہے کہ عوام کی فلاح کے کاموں پر سیاست کی جا رہی ہے۔ ایسے کاموں میں سیاست کے بجائے خدمت کا جذبہ پیش نظر رکھنا چاہیے۔ عوام کو بنیادی سہولتیں فراہم کرنا ریاست کی ہی ذمہ داری ہے جو وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے ذریعے بروئے کار لائی جاتی ہے۔ علاج کی بہتر سہولتوں کے لیے پنجاب اور سندھ کو ایک دوسرے کا دست و بازو بننا چاہیے تاکہ عوام کے لیے زیادہ بہتری کے مواقع پیدا ہوں۔

بجلی کے بلوں میں وزیر اعظم کی طرف سے ریلیف

اسداللہ غالب

عوام کی تکالیف کے مدنظر وزیر اعظم نے بجلی کے صارفین کو بھاری ریلیف دینے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ اس اعلان کے مطابق جو صارفین بجلی کے پانچ سو یونٹ خرچ کریں گے، ان کا 14 روپے فی یونٹ بل کم کر دیا جائے گا۔ یہ فیصلہ فی الحال تو صرف پنجاب اور اسلام آباد پر لاگو ہوا ہے مگر امید کی جانی چاہئے کہ مستقبل میں دوسرے صوبوں کو بھی یہ ریلیف دیا جائے گا۔ اس سے قبل اعلان کیا گیا تھا کہ دو سو یونٹ تک صارفین کو ریلیف دیا جائے گا۔ بہر حال عوام نے دو ماہ تک بجلی کے بلوں کا عذاب برداشت کر لیا مگر وہ جو کہتے ہیں کہ ریاست ماں کی طرح ہوتی ہے، تو اس مثال کے پیش نظر ماں کو احساس ہوا کہ اس کے بچے شدید تکلیف سے گزر رہے ہیں۔ بجلی کے بلوں میں نا قابل برداشت اضافہ کیسے ہوا، اس ضمن میں، میں ایک مفروضے پر مبنی اظہار خیال کر سکتا ہوں۔

سن 2000ء میں امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ نے پاکستان اور بھارت سے چار، چار ایڈیٹروں کو مدعو کیا، اس وفد میں، میں بھی شامل تھا۔ ہم سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ گئے، پینٹا گون گئے، بروکنگز انسٹی ٹیوٹ گئے، اور ایک طویل سفر طے کر کے مشرقی ساحل پر واقع مونرے انسٹی ٹیوٹ بھی پہنچے۔ بہر حال ہمارے ساتھ جن ماہرین نے گفتگو کی، انہوں نے پاکستان کو خوب صلوٰاتیں سنائیں۔

کارل انڈر فرتھ اور پینٹا گون میں آٹھ امریکی جرنیلوں کے ساتھ ہماری تو تو، میں میں ہوئی، کیوں کہ وہ ہر سانس کے ساتھ الزام تراشی کر رہے تھے، کہ دہشت گردوں کے پاس وسیع پیمانے پر تباہی پھیلانے والے جوہری، کیمیائی اور حیاتیاتی ہتھیاروں کا ذخیرہ موجود ہے، جس سے انسانیت کو خطرات لاحق ہیں، میں نے ان سب کے سامنے دو ٹوک الفاظ میں اپنا پاکستانی موقف واضح کیا کہ اگر آپ جوہری اسلحے کی چوری کا الزام پاکستان پر تھوپ رہے ہیں، تو یہ سراسر جھوٹ ہے۔ لہٰذا آپ براہ کرم پاکستان کے خلاف زبان بند ہی رکھیں، کیونکہ ہم پرامن، مہذب اور عالمی قوانین کی پابندی کرنے والے ہیں۔

نائن الیون کے فوری بعد افواہیں پھیلیں کہ ڈاک کے لفافوں میں کاغذ پر زہریلا مواد لگایا جا رہا ہے، جو کوئی اسے کھولتا ہے، اس کی فوری موت واقع ہو جاتی ہے۔ ایسا ہوا یا نہیں، اس کی تفصیل میرے پاس موجود نہیں۔ مگر پاکستان میں اب جو بجلی کے بل موصول ہو رہے ہیں، وہ ایٹم بموں کی طرح لوگوں کی جانوں کے لئے سنگین خطرے کا باعث ہیں۔ واپڈا میں اگر کوئی پرانا آدمی ہو تو وہ قاضی شیر محمد کے نام سے ضرور واقف ہوگا، وہ قصور کے ایک سرحدی گاؤں بھکی ونڈ سے تعلق رکھتے تھے، انہوں نے ریاضی میں ایم اے کیا اور واپڈا میں بھرتی ہو گئے اور ترقی کرتے کرتے واپڈا بلنگ سیکشن کے سربراہ بن گئے۔ قاضی صاحب نے آؤ دیکھا نہ تاؤ، بجلی کے بلوں میں کئی اقسام کے ٹیکسوں کا اضافہ کر دیا۔ جس سے واپڈا اور حکومت کی آمدنی دن دگنی اور رات چوگنی بڑھ گئی۔

قاضی صاحب تو اللہ کو پیارے ہو چکے، مگر ان کے جانشینوں نے پھرتیاں دکھائیں، ایک تو بجلی کی فی یونٹ قیمت ہوشربا حد تک بڑھا دی۔ بجلی کے بل کے نیچے ٹیکسوں کی ایک لمبی قطار درج ہوتی ہے۔ ظلم کی حد یہ ہے کہ بلوں سے آمدنی تو حکومت یا واپڈا کو ہوتی ہے، مگر حکومتی آمدنی پر انکم ٹیکس صارف کے ناتواں کاندھوں پر لاد دیا گیا!

بجلی کا بل جیسے ہی گھروں میں تقسیم کیا جاتا ہے، اس کو ہاتھ لگاتے ہوئے صارف کو شدید کرنٹ لگتا ہے۔ صارف کا سانس اوپر کا اوپر اور نیچے کا نیچے رہ جاتا ہے۔ اب یہ نسخہ بل بنانے والوں کو معلوم ہوگا کہ وہ اس میں بجلی کا کرنٹ کیسے چھوڑ دیتے ہیں...... یہ تو تقریباً وہی بات ہوئی کہ جیسے نائن الیون کے دنوں میں زہریلا سفوف لگا کر ڈاک کے ذریعے لفافے بھیجے جاتے تھے۔

دنیا بھر کی تجارتی منڈیوں میں یہ اصول ہے کہ آپ زیادہ مال لیں گے تو آپ کو زیادہ رعایت ملے گی مگر واپڈا اور نیپرا کا دماغ الٹا ہے وہ زیادہ بجلی خرچ کرنے والے سے زیادہ بل لیتے ہیں۔

بجلی کی مہنگائی کے لئے یہ عذر تراشا جاتا ہے کہ ڈالر کے مقابلے میں روپے کی قیمت گر گئی ہے ......مگر سوال یہ ہے کہ کیا ہم امریکہ سے ڈالروں کے عوض بجلی خریدتے ہیں، تو ہم عوام کو خاموش کروانے کے لئے جواب ملتا ہے کہ بجلی بنانے کے لئے جو تیل، پٹرول، ڈیزل اور فرنس آئل ملتا ہے، وہ عالمی منڈیوں میں مہنگا ہو گیا ہے۔ ایک دلیل یہ دی جاتی ہے کہ تھرمل بجلی گھروں کے ساتھ جو معاہدے کئے گئے، ان کی رُو سے وہ حکومت کو بجلی فراہم کریں یا نہ کریں، یا حکومت ان سے بجلی نہ بھی خریدے، مگر ان کی بجلی کی پیداواری صلاحیت کے مطابق بہر حال ہمیں ڈالروں میں ان کو اربوں مالیت کی ادائیگی کرنا پڑتی ہے۔

اب سننے میں آ رہا ہے کہ حکومت پانچ سو یونٹ تک بجلی کے صارفین کو رعایت دے گی، اگلے ماہ ستمبر میں بل آئیں گے تو پھر ہی پتا چل سکے گا کہ غریب عوام کو کیا ریلیف ملا۔ وزیر اعظم شہباز شریف اور سابق وزیر اعظم نواز شریف اور صدر آصف زرداری وسیع حکومتی تجربے کے حامل ہیں، انہیں چاہئے کہ وہ سر جوڑ کر بیٹھیں، مشاورت کریں کہ عوام کو نہ صرف مہنگی بجلی بلکہ روزمرہ ضرورت کی تمام اشیا کی مہنگائی کو کیسے ختم کیا جا سکتا ہے۔

ٹھنڈا کمرہ

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

چھٹی کے دن خوب نیند کے بعد میں نے سٹڈی روم کا رخ کیا اور آنے والی کتاب کے مسودے پر کام کرنے لگا اوائل عمری سے ہی مجھے کتب بینی کا بہت زیادہ شوق ہے یہ شوق نیچرل تھا گاؤں میں پیدائش اور بچپن کے دوران پڑھنے کو کتابیں دستیاب نہیں تھیں لیکن بڑے بھائی جان کو کتابوں رسالوں کا بہت شوق تھا لہذا وہ جو بھی کتاب لاتے میں اُس کو قبضے میں لے کر چاٹنا شروع کر دیتا اُس وقت سے لے کر کتابوں سے یہ محبت آج بھی جاری وساری ہے میں چند دن کتابوں سے دور گزار کر اداس ہو جاتا ہوں اِس لیے جیسے ہی موقع ملتا سٹڈی روم میں پڑی سینکڑوں کتابوں کے درمیان آ کر بہت اچھا محسوس کرتا ہوں پھر اپنی پسند کی کوئی کتاب نکال کر اُس میں ڈوب جاتا ہوں یا پھر آنے والی کتاب پر کام کرتا ہوں کتابوں سے محبت والی ہم شاید آخری نسل ہیں نئی نسل کتابوں سے دور ہوتی جا رہی ہے بلکہ ہو چکی ہے موبائل اور یوٹیوب برق رفتاری سے کتابوں کو کھا رہے ہیں چند سالوں بعد نئی کتاب سے محبت کرنے والے کم سے کم ہوتے چلے جا رہے ہیں اِسی طرح کتابیں رسالے ناول افسانے شاعری لکھنے والے اور شائع کرنے والے لوگ بھی کم ہوتے جا رہے ہیں ایک دور تھا جب ہر ماہ سب رنگ جاسوسی ڈائجسٹ سسپنس ڈائجسٹ کا انتظار کیا جاتا تھا اور جب یہ رسالے آتے تھے تو کتب شاپس پر اشتہار لگ جاتے تھے کہ فلاں ڈائجسٹ آ گیا ہے اِسی طرح محلوں گلیوں میں جو لائبریریاں تھیں جہاں سے ایک روپے پانچ روپے میں کتابیں ملتی تھیں وہ کب کی بند ہو چکی ہیں سکول کالج کی لائبریریوں سے جو کتابیں طالب علم گھر لاتے تھے وہ سلسلہ بھی ختم ہو چکا ہے لیکن جو کتابیں پڑھنے یا شوقین ہیں ان کو پرانی کتابوں کی خوشبو سے عشق ہے وہ جیسے ہی اپنی کتابوں کے کمرے میں داخل ہوتے ہیں ان کو ایسے لگتا ہے جیسے محبوب کے پاس آ گئے ہیں اور اگر کتاب پسندیدہ مصنف اور موضوع پر ہو تو پھر تو سونے پر سہاگہ ہے کتابیں ایک نشہ ہے جس کو لگ جائے وہی جانتا ہے اِسی طرح کتابوں ناولوں کے کرداروں سے آپ کو محبت ہو جاتی ہے آپ ادھیڑ عمری میں داخل ہو کر بھی ان کرداروں کو یاد رکھتے ہیں ان سے محبت کرتے ہیں لیکن بہت افسوس کی بات ہے آج کا نوجوان اور نسل اِس نشے اور محبت سے محروم ہو چکی ہے اِن کے لیے سٹڈی روم اور کتابیں بیکار مشغلہ ہے انہیں نہ کتابوں سے اور نہ ہی مطالعے سے شوق ہے وہ موبائل کے رسیا ہیں اور اسی میں گم رہتے ہیں بہر حال میں اپنی سٹڈی میں مصروف تھا کہ ملازمہ سے آ کر بتایا گاؤں سے کوئی بندہ اپنے بیٹے کو دم کرنے اور ملنے آیا ہے نام سننے کے بعد میں نے ملازمہ سے کہا اُس کو میرے کمرے میں بھیج دو اور شربت چائے وغیرہ لے کر آؤ پھر تھوڑی دیر میں وہ شخص اپنے دس سالہ بیٹے کے ساتھ اندر آ گیا بیٹا بہت کمزور اور بیمار لگ رہا تھا سلام دعا کے بعد شربت پھر چائے لوازمات آ گئے تو دونوں نے خوب جی بھر کے چائے پی اور ساتھ آئی کھانے کی چیزوں سے بھی لطف اٹھایا مجھے جب بھی کوئی پسماندہ شخص خوب پیٹ بھر کر کھانا کھائے تو بہت اچھا لگتا ہے ان کی بھوک دیکھ کر میں نے مختلف پھل منگوائے اور اُن کے سامنے ڈھیر کر دیئے انہوں نے پیٹ بھر کر کھا لیے تو بندہ شرمندہ لہجے میں بولا جناب فروٹ بچ گیا ہے میں اِس کو باقی بچے جو گھر میں ہیں ان کے لیے لے جاؤں میں نے اجازت دی اور گھر کے لیے اور پھل بھی لا کر دے دیئے باپ بیٹا بہت خوش تھے اب ان کو ورد ذکر اذکار بھی بتا دیئے تا کہ وہ واپس جا سکیں میں اچھی طرح میزبانی کر چکا تھا اب اِس انتظار میں تھا کہ وہ واپس جائیں میں پھر سے کتابوں میں غرق ہو سکوں میں نے بار بار الوداعی جملے بھی بول دیئے تھے میرا ارادہ بھانپ کر باپ بولا میں واش روم سے ہو آؤں تو میں نے واش روم کا راستہ دکھا دیا وہ واش روم سے بہت دیر بعد کمرے میں آیا تو بولا آپ کا کمرہ بہت ٹھنڈا خوشگوار ہے یہاں سے جانے کو دل نہیں کر رہا کمرے میں اے سی چل رہا تھا اب وہ پھر بیٹھ کر اِدھر اُدھر کی باتیں کرنے لگا میری کوشش تھی کہ اب وہ چلا جائے لیکن وہ بہانوں سے کمرے میں مزید رکنا چاہ رہا تھا آخر میں نے پوچھ لیا یار آپ جا نہیں رہے کوئی مزید بات رہ گئی ہے تو وہ بولا سر جی اصل میں میرا بیٹا گرمی لگنے کی وجہ سے بیمار ہو گیا ہے اِس کا بخار نہیں اُترتا ڈاکٹر نے کہا ہے اِس کو گرمی لگ گئی ہے اِس کو اے سی والے ٹھنڈے کمرے میں رکھو اب میں غریب نہ اے سی اور نہ ہی بجلی کا بل افورڈ کر سکتا ہوں میں مختلف بہانوں سے کبھی اُس مسجد کبھی اِس مسجد میں اِس کو لے کر جاتا ہوں تا کہ یہ ٹھنڈے کمرے میں وقت گزار سکے رات کو چھت پر سوتے ہیں تا کہ اِس کی گرمی کا توڑ ہو سکے اِس لیے میں زیادہ سے زیادہ وقت آپ کے ٹھنڈے کمرے میں گزارنا چاہتا ہوں اُس کی بے بسی دیکھ کر میری آنکھیں بھر آئیں میں بولا آپ دونوں یہاں آرام سے سو جائیں جب سورج ڈھلے گا تو چلے جانا مہنگائی کے طوفان نے لوگوں کو در بدر بھٹکنے پر مجبور کر دیا ہے ہوشربا مہنگائی اور بجلی کے بل لوگ فقیر بن کر سڑکوں پر ذلیل ہو رہے ہیں پتہ نہیں کب گورنمنٹ کران بے بس غریبوں پر رحم آئے گا اور بجلی سستی کریں گے۔

عام پین کلر ادویات ہارٹ اٹیک کا سبب بن سکتی ہیں، ماہرین

درد سے نجات دلانے والی عام پین کلر ادویات ہارٹ اٹیک، اسٹروکس اور مہلک بلیڈنگ کا سبب بن سکتی ہیں۔ اس حوالے سے ماہرین کا کہنا ہے کہ عام پین کلر ادویات اکثر غلط طور پر لوگوں کو درد سے افاقے کیلیے تجویز کی جاتی ہیں جس سے انھیں نقصان پہنچ سکتا ہے۔ نان اسٹروڈیل اینٹی انفلیمٹری ڈرگز درد سے آرام انفلیمیشن میں کمی اور درجہ حرارت میں کمی کیلیے استعمال کی جاتی ہے، اس میں اسپرین اور آئی بورفین بھی شامل ہے جو کہ دنیا بھر میں سب سے زیادہ تجویز کی جاتی ہے۔ لیکن یہ بہت ہی عام سی دوا گیسٹرو انٹیسٹینل بلیڈنگ، ہارٹ اٹیک، اسٹروک اور گردوں کو نقصان پہنچانے کے حوالے سے جانی جاتی ہیں۔ نان اسٹروڈیل اینٹی انفلیمٹری ڈرگز بشمول اسپرین تیس فیصد تک اسپتالوں میں داخلوں کی ذمہ دار بھی جاتی ہے کیونکہ یہ گیسٹرو انٹیسٹینل بلیڈنگ، مایو کارڈیئل انفریکشن، اسٹروک اور گردوں کو نقصان پہنچاتی ہیں۔ برطانیہ سمیت کئی ملکوں میں گزشتہ 25 برسوں سے مذکورہ بالا ادویات کے استعمال کو کم کرنے کی کوششیں جاری ہیں اور ان کے محفوظ متبادل کی تلاش کے ساتھ جنرل فزیشنز ایسے مریضوں کو بھی شناخت کرتے ہیں جنھیں یہ ادویہ بالکل نہیں دی جانی چاہئیں۔ نوٹ: یہ مضمون قارئین کی معلومات کیلئے شائع کیا گیا

آنتوں کی صحت ذہنی صحت کو متاثر کر سکتی ہے، تحقیق

آنتیں جسم کا بہت اہم حصہ ہیں کیونکہ ان کی خراب صحت انسانی جسم کی فعالیت نظام کو متاثر کر سکتی ہے۔ بی بی سی میں شائع ہونے والی تحقیق سے پتا چلتا ہے کہ آنتوں کی صحت کو کولیسٹرول کی سطح سے لیکر انسان کے ڈپریشن کا شکار ہونے کے امکان تک ہر چیز سے جوڑا جا سکتا ہے۔ آکسفورڈ یونیورسٹی سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر کیٹرینا جانسن کہتی ہیں کہ آنت تمام اعضا کو متاثر کر سکتی ہے، جس میں دماغ بھی شامل ہے۔ محققین کے مطابق 'گٹ برین ایکسس'، جو آنتوں اور دماغ دونوں کو جوڑتا ہے ایک مضبوط مواصلاتی نظام ہے، جس کی وجہ سے آنتوں کی صحت ہماری ذہنی صحت کو متاثر کر سکتی ہے۔ آنتوں کی صحت کو بہتر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ متنوع غذاؤں کا استعمال کریں جس میں ایک ہفتے میں کم از کم 30 مختلف سبزیاں اور مصالحے شامل ہوں۔ فائبر سے بھرپور غذائیں جیسے ہول ویٹ بریڈ اور براؤن چاول وغیرہ انہیں اپنی روزمرہ کی غذا میں شامل کریں۔ کس چیز سے پرہیز کریں؟ اچھے بیکٹیریا کو فروغ دینے کے لیے کیلے اور پیاز جیسے پری بائیوٹک کھانے کا انتخاب کریں۔ الٹرا پروسیسڈ فوڈ اچھے بیکٹیریا کو کم کرتا ہے اور برے بیکٹیریا کو بڑھاتا ہے، اس لیے الٹرا پروسیسڈ فوڈ سے پرہیز کیا جائے۔ ذہنی تناؤ ہماری آنتوں کو متاثر کرتا ہے

Show Biz
شوبز کارنر

میں کسی کے رعب میں نہیں آتی، نیلم منیر

اسکول لائف کے دوران لڑکے مجھے لڑکی کی آواز بنا کر فون کیا کرتے تھے

کراچی (این این آئی) اداکارہ نیلم منیر بھی عید الاضحیٰ پر بکرے خریدنے کی شوقین نکلیں لیکن انہیں منڈی نہ جا سکنے کا افسوس ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کے دوران نیلم منیر نے کہا کہ مجھے بکرا خریدنے کا بہت شوق ہے لیکن میں کبھی منڈی نہیں جا سکی ہوں۔ نیلم منیر کا کہنا تھا کہ میں کسی کے رعب میں نہیں آتی تاہم سینئر اداکاروں کے ساتھ کام کرنا آسان ہے۔ شو میں اسکول لائف کا قصہ سناتے ہوئے اداکارہ نے کہا کہ اسکول لائف کے دوران لڑکے مجھے لڑکی کی آواز بنا کر فون کیا کرتے تھے۔

عورتوں سے متعلق بات کرنا انہیں مہنگا پڑ سکتا ہے

بہروز سبزواری نے نادیہ خان کو عجیب خاتون کہتے ہوئے تنقید کا نشانہ بنایا تھا

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ نادیہ خان نے سینئر اداکار بہروز سبزواری کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی خواتین کے کپڑوں پر بڑی نظر ہوتی ہے کہ وہ چست ہیں یا ڈھیلے۔ بہروز سبزواری نے کچھ عرصہ قبل اداکارہ نادیہ خان کو عجیب خاتون کہتے ہوئے تنقید کا نشانہ بنایا تھا۔ نادیہ خان اداکارہ مرینہ خان اور روبینہ اشرف کے ہمراہ ایک نجی چینل کے شو میں ٹی وی پر نشر ہونے والے ڈراموں کا تنقیدی جائزہ لیتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار کرتی ہیں۔ ڈراموں پر کی گئی تنقید پر بہروز سبزواری نے نادیہ خان سے متعلق کہا تھا کہ 'اس شو میں ایک عجیب خاتون ہیں، نادیہ خان، جو نامور مارننگ شو اینکر تھیں، وہ اپنے مارننگ شو میں بھی مہمانوں کی بے عزتی کرتی تھیں۔ نادیہ خان نے بہروز سبزواری کے حالیہ بیانات کو مدنظر رکھتے ہوئے ان پر تنقید کی ہے۔

بھارتی پلے بیک سنگر الکا یاگنک سماعت سے محروم ہو گئیں

بھارتی فنکاروں اور مداحوں نے الکا یاگنک کی صحت کیلیے دعا بھی کی ہے

ممبئی (این این آئی) بھارتی مشہور پلے بیک سنگر الکا یاگنک وائرل انفیکشن کے سبب سماعت سے محروم ہو گئیں۔ گلوکارہ نے مشکل کی اس گھڑی میں مداحوں سے دعاؤں میں یاد رکھنے کی درخواست کر دی۔ فوٹوز اینڈ ویڈیوز شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر شیئر کی گئی اپنی پوسٹ میں الکا یاگنک نے کہا کہ ڈاکٹرز نے انہیں rare sensorineural کا مرض تشخیص کیا ہے۔ الکا یاگنک نے کہا کہ کچھ دنوں پہلے وہ میں سفر پر جانے کے لیے نکلی تھی اچانک مجھے محسوس ہوا کہ میں کچھ بھی سننے کے قابل نہیں ہوں۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں بتایا کہ یہی وجہ ہے کہ وہ عام لوگوں سے دور ہیں، اور اس ناگہانی نے انہیں اچانک ہی پکڑ لیا ہے، جسے وہ سمجھنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ بھارتی فنکاروں اور مداحوں نے الکا یاگنک کی صحت کیلیے دعا بھی کی

سونالی بیندرے سے ملاقات نہ ہونے پر مداح کی خودکشی

سونالی بیندرے نے بتائی گئی خبر پر عدم اعتماد کا اظہار کیا

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی خوبرو اداکارہ سونالی بیندرے پر حال ہی میں انکشاف ہوا کہ ماضی میں ایک مداح نے ان سے ملاقات نہ ہونے پر خودکشی کر لی تھی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایک حالیہ انٹرویو کے دوران کینسر کو شکست دینے والی اداکارہ کو معلوم ہوا کہ ماضی میں ان کے مداح نے ان سے ملاقات نہ ہونے کی صورت میں خودکشی کر لی تھی۔ دوران انٹرویو میزبان نے بتایا کہ 90 کی دہائی میں جب سونالی بھوپال کے دورے پر تھیں تو اس دوران اداکارہ کا ایک پرستار ان سے ملاقات نہیں کر سکا تھا جس پر وہ دلبر داشتہ ہو گیا اور اس نے اپنی جان لے لی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سونالی بیندرے نے میزبان کی جانب سے بتائی گئی خبر پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہا 'کیا یہ سچ ہے؟ آخر لوگ ایسا کیسے کر سکتے ہیں؟ میزبان نے مزید سوال کیا کہ کیا آپ کی کبھی اس سے زیادہ دیوانے مداح سے ملاقات ہوئی ہے؟ جس پر اداکارہ نے بتایا کہ ملاقات نہیں ہوئی لیکن ایک بار خون سے تحریر شدہ خط موصول ہوا تھا۔

عالیہ بھٹ نے لکھاری بننے کا خواب بھی پورا کر لیا

عالیہ بھٹ سنجے لیلا بھنسالی کی نئی فلم 'لو اینڈ وار' کی تیاری کر رہی ہیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ سپر اسٹار عالیہ بھٹ نے اداکاری کے ساتھ لکھاری بننے کا خواب بھی پورا کر لیا اور بچوں کیلئے ان کی لکھی گئی کتاب کے لانچ کا اعلان ہوا ہے۔ پینگوئین انڈیا کے مشترکہ پروجیکٹ کے تحت اداکارہ کی 'ایڈ فائنڈز اے ہوم' کے نام سے کتاب کی رونمائی 16 جون کو کی جائے گی۔ اپنی پہلی کتاب کی اشاعت کا اعلان اداکارہ نے خود انسٹاگرام پر ایک مختصر ویڈیو کے ساتھ کیا اور مداحوں کو لانچنگ ایونٹ میں شرکت کی دعوت دی۔ پروفیشنل لحاظ سے عالیہ بھٹ سنجے لیلا بھنسالی کی نئی فلم 'لو اینڈ وار' کی تیاری کر رہی ہیں جس میں وہ رنبیر کپور اور وکی کوشل کے ساتھ نظر آئیں گی۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

ہم پاکستان میں کرکٹ کھیلیں گے، افغان کرکٹرز

کابل (این این آئی) افغانستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑیوں رحمن اللہ گرباز اور محمد نبی نے کہا ہے کہ ہم پاکستان میں کرکٹ کھیلیں گے، معلوم نہیں کہ ہمارے بارے میں جھوٹی خبریں کون پھیلاتا ہے۔ دونوں کھلاڑی کینیڈا میں گلوبل ٹی 20 میں مختلف ٹیموں میں کھیل رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق محمد نبی نے کہا کہ سوشل میڈیا کی ایسی خبروں پر توجہ نہ دیا کریں۔ دوسری جانب رحمن اللہ گرباز نے کہا کہ مجھے پاکستانی شائقین نے بڑا پیار دیا ہے، میں پی ایس ایل میں کھیلا ہوں، ہم پاکستان جا کر ضرور کھیلیں گے۔

اوپنر امام الحق ڈراپ کیوں؟ محمد ہریرہ جیسے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کو مواقع دینا چاہتے' شان مسعود

راولپنڈی (این این آئی) قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے اوپنر امام الحق کی جگہ صائم ایوب کو کھلانے کی اہم وجہ بتادی اور کہا کہ محمد ہریرہ جیسے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کو مواقع دینا چاہتے ہیں اور ہریرہ کو جلد موقع فراہم کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے بنگلا دیش 'اے' کے خلاف ڈبل سنچری اسکور کرنے والے محمد ہریرہ کی عدم شمولیت، صائم ایوب کو برقرار رکھنے سمیت امام الحق کو آرام دیے جانے پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ صائم ایوب نے آخری ٹیسٹ میچ کی دوسری اننگز میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کیا تھا بطور ٹیم اپنے پلیئرز کو بیک اَپ کر رہے ہیں تاکہ انہیں مناسب مواقع مل سکیں، وہ اچھی فارم میں لگ رہے ہیں۔ کپتان نے کہا کہ بیٹنگ لائن اپ کافی مضبوط ہے، ہمارے پاس کئی اوپنرز موجود ہیں۔ بد قسمتی سے امام الحق اس سیریز کا حصہ نہیں ہیں لیکن وہ ہمارے ٹیسٹ اسکواڈ کے اہم رکن ہیں۔ امام الحق کو سیریز میں آرام دینے کے سوال پر شان مسعود نے کہا کہ محمد ہریرہ جیسے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کو مواقع دینا چاہتے ہیں اور ہریرہ کو جلد موقع فراہم کریں گے

پاک بنگلا دیش پہلا ٹیسٹ گیلی آؤٹ فیلڈ کے باعث تاخیر کا شکار ہو گیا

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان کھیلا جانے والا پہلا ٹیسٹ میچ گیلی آؤٹ فیلڈ کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہو گیا۔ پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان ٹیسٹ سیریز کا پہلا میچ صبح 10 بجے شروع ہونا تھا تاہم راولپنڈی میں تیز بارش کے باعث ٹاس میں تاخیر ہوئی ہے۔ بارش کا سلسلہ رکنے کے بعد گراؤنڈز مین نے آؤٹ فیلڈ سکھانا شروع کر دی ہے اور امپائر پچ کا معائنہ کرنے میں مصروف ہیں۔ دوسری جانب پاکستان اور بنگلا دیش کے کھلاڑیوں نے وارم اپ شروع کر دیا ہے۔ پہلے ٹیسٹ میچ کے لیے پاکستان پلیئنگ الیون میں عبداللہ شفیق، صائم ایوب، شان مسعود (کپتان)، بابر اعظم، سعود شکیل (نائب کپتان)، محمد رضوان (وکٹ کیپر)، سلمان علی آغا، شاہین شاہ آفریدی، نسیم شاہ، خرم شہزاد اور محمد علی شامل ہیں۔

ایک اور پاکستانی ایتھلیٹ نے عالمی مقابلے میں گولڈ میڈل جیت لیا

معید بلوچ نے ورلڈ ملٹری گیمز میں 400 میٹر کی دوڑ جیت کر گولڈ میڈل اپنے نام کر لیا

وینزویلا (این این آئی) پاکستان کے باصلاحیت ایتھلیٹ معید بلوچ نے ورلڈ ملٹری گیمز میں 400 میٹر کی دوڑ جیت کر گولڈ میڈل اپنے نام کر لیا۔ وینزویلا میں جاری ورلڈ ملٹری گیمز میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والے پاکستان ایئر فورس (پی اے ایف) کیانٹرنیشنل ایتھلیٹ 23 سالہ معید بلوچ نے 400 میٹرز کی دوڑ میں اول پوزیشن حاصل کی۔ کراچی کے علاقے شانتی نگر کے رہائشی معید بلوچ پہلے ہی 200 میٹرز اور 400 میٹرز کے قومی چیمپئین ہیں۔ ایشین جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئین شپ 2018 میں سو میٹرز کی دوڑ جیت کر تیز ترین ایتھلیٹ قرار پانے والے معید بلوچ متعدد انٹرنیشنل ایونٹس میں پاکستان کے لیے فتوحات حاصل کر چکے ہیں۔ یاد رہے کہ پیرس میں ہونے والی اولمپکس میں پاکستان کے مایہ ناز ایتھلیٹ ارشد ندیم نے جیولین تھرو میں نہ صرف ورلڈ ریکارڈ قائم کیا جبکہ پاکستان کو 40 سالوں کے بعد گولڈ میڈل بھی جیت کر دیا۔ ان کی شاندار کامیابی پر پاکستان بھر سے انہیں تحفے اور تحائف ملنے کا سلسلہ

پاک بنگلہ دیش دوسرے ٹیسٹ کیلئے ٹکٹوں کی قیمتوں کا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوسرے ٹیسٹ میچ کے لیے ٹکٹوں کی قیمتوں کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان 30 اگست سے 3 ستمبر تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ہونے والے دوسرے ٹیسٹ میچ کے لیے ٹکٹوں کی قیمتوں کا اعلان کیا ہے۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پریمیم انکلوژرز کے ٹکٹ 200 روپے، وی آئی پی 500 روپے میں دستیاب ہوں گے، جبکہ ویک اینڈ پر اس ٹکٹ کی قیمت 600 روپے ہوگی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ زیادہ سے زیادہ شائقین کرکٹ کو اسٹیڈیم میں پہنچنے کا موقع دینے کے لیے ٹکٹوں کی قیمتیں کم رکھی گئی ہیں۔ پی سی بی کے مطابق ٹکٹ بورڈ کی ویب سائٹ PCB.tcs.com.pk سے آن لائن خریدے جا سکتے ہیں، اس کے علاوہ ایوی ایشن گراؤنڈ میں واقع ٹکٹ بوتھ یا نامزد ٹی سی ایس برانچز سے بھی ٹکٹ حاصل کرنے کی سہولت موجود ہے۔

ہربھجن سنگھ نے بھارتی ٹیم کے پاکستان آنے پر زہر اگلنا شروع کر دیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کے سابق اسپن بولر ہربھجن سنگھ نے چیمپئنز ٹرافی کے لیے بھارتی ٹیم کے پاکستان آنے کے راستے پر ابھی سے ہی کانٹے پھینکنا شروع کر دیئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہربھجن سنگھ نے کہا کہ بھارتی کرکٹ ٹیم کو اگلے سال ہونے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے لیے پاکستان کا سفر نہیں کرنا چاہیے کیونکہ پڑوسی ملک میں سیکیورٹی کی صورتحال اب بھی غیر مستحکم ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق سابق کرکٹر نے بھارتی ٹیم کی ٹورنامنٹ میں شرکت اور پاکستان جانے کی تصدیق کرنے سے پہلے حکومت سے منظوری لینے کے بھارتی بورڈ کے فیصلے کی بھی حمایت کی۔ ہربھجن سنگھ نے کہا کہ بھارتی ٹیم پاکستان کیوں جائے؟ پاکستان میں حفاظت کے خدشات ہیں، پاکستان میں حالات ایسے ہیں کہ تقریبا ہر روز حادثات ہوتے رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میں نہیں سمجھتا کہ وہاں جانا بھارتی ٹیم کے لیے محفوظ ہے۔ اور بی سی سی آئی کا مقف بالکل درست ہے اور ہمارے کھلاڑیوں کی حفاظت سے زیادہ کوئی چیز اہم نہیں ہے، میں کرکٹ بورڈ کے مقف کی حمایت کرتا ہوں۔

پاک بنگلا دیش ٹیسٹ سیریز: 4 ہزار سے زائد اہلکار سیکیورٹی پر تعینات

روٹ اور اسٹیڈیم کے اطراف چھتوں پر ماہر نشانہ باز (اسنائپر) تعینات کیے گئے ہیں

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور بنگلا دیش کی ٹیسٹ سیریز کے لیے 4 ہزار سے زائد پولیس افسران اور اہلکاروں کو سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی نے کہا ہے کہ راولپنڈی پولیس کے 4 ہزار سے زائد افسران اور اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی دے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ٹریفک انتظامات کیلئے 350 سے زائد ٹریفک پولیس افسران تعینات ہیں جبکہ روٹ اور اسٹیڈیم کے اطراف چھتوں پر ماہر نشانہ باز (اسنائپر) تعینات کیے گئے ہیں۔ سی پی او راولپنڈی کا کہنا ہے کہ کرکٹ اسٹیڈیم اور گردونواح میں 99 اسپیشل پکٹس لگائی گئی ہیں، کرکٹ ٹیموں کے روٹ پر سی سی ٹی وی کیمروں سے مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ خالد ہمدانی نے کہا کہ کرکٹ اسٹیڈیم اور گرد و نواح میں ایلیٹ فورس، ڈولفن فورس اور پولیس کی ٹیمیں گشت کر رہی ہیں، شائقینِ کرکٹ مخصوص راستے سے مکمل چیکنگ کے بعد اسٹیڈیم میں داخل ہو سکیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور دیگر اداروں کے ساتھ پاکستان بنگلا دیش کرکٹ میچز کے لیے فول پروف سیکیورٹی کے بہترین انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

پاکستانی اسنوکر پلیئر شہرام چنگیزی کا امریکا میں شاندار کارنامہ

واشنگٹن (این این آئی) پاکستانی اسنوکر پلیئر شہرام چنگیزی امریکا میں 147 کا بریک کھیلنے والے پہلے کیوئیسٹ بن گئے ہیں۔ شہرام چنگیزی نے ایمیبسی اوپن سے قبل پریکٹس میچ میں 147 کا بریک کھیلا، یہ امریکا میں کسی بھی لیول پر ریکارڈ ہونیوالا پہلا 147 کا بریک ہے۔ شہرام چنگیزی نے یہ بریک سابق پاکستان رینکنگ پلیئر فرحان ادریس کے خلاف پریکٹس میچ میں کھیلا، شہرام کے بریک کا دورانیہ تقریباً 10 منٹ رہا۔ شہرام چنگیزی 2010 کے ایشین گیمز میں پاکستان کی برانز میڈلسٹ اسنوکر ٹیم کا حصہ تھے، وہ ایشین اور ورلڈ چیمپئن شپ میں بھی پاکستان کے لیے میڈلز جیت چکے ہیں۔ واضح رہے کہ شہرام نے گزشتہ سال ٹیکساس اوپن اسنوکر کا ٹائٹل بھی جیتا تھا۔

بقیہ 1

تھے اجلاس میں وفاقی وزراء جام کمال خان، احد خان چیمہ، محمد اورنگزیب، عطاء اللہ تارڑ، سید محسن رضا نقوی، رانا تنویر حسین، ڈاکٹر مصدق ملک، ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن جہانزیب خان، وزیرِ اعظم کے کوآرڈینیٹر رانا احسان افضل، چاروں صوبوں کے چیف سیکرٹریز اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیرِ اعظم نے سمگلنگ کے خلاف اقدامات کو مزید مؤثر اور تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ سمگلنگ میں ملوث افراد کو قطعی طور پر پاکستان کی معیشت کو نقصان پہنچانے نہیں دیں گے، سمگلنگ کی روک تھام کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال یقینی بنایا جائے، سمگلنگ میں ملوث عناصر اور انکے سہولت کاروں کے ساتھ ساتھ ٹرانسپورٹرز کی سمگلنگ میں استعمال ہونے والی گاڑیوں کو ضبط کر کے انکے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ خوش آئند امر ہے کہ متعلقہ اداروں کی کارروائیوں کے نتیجے میں سمگلنگ میں کمی واقع ہوئی ہے۔ ایف بی آر، وزارت داخلہ اور دیگر ادارے آپس میں تعاون مزید بہتر کریں۔ انہوں نے کہا کہ سرحدی علاقوں میں لوگوں کو روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کیلئے ایک جامع حکمت عملی بنا کر پیش کی جائے، سمگلنگ کے ناسور کے ملک سے مکمل خاتمے کیلئے تمام ادارے اپنی کوششیں تیز کریں۔ اجلاس کو اسمگلنگ کی روک تھام اور انکے اب تک کے نتائج پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزارتِ داخلہ کی زیرِ نگرانی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے ملک گیر مہم جاری ہے۔ پیٹرولیم مصنوعات، سگریٹ، موبائل فون، سونا، چائے، کپڑے، اشیاءِ ضروریہ، ٹائرز اور گاڑیوں کے پرزوں کی سمگلنگ کے خلاف مؤثر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انسدادِ سمگلنگ کے دائرہ کار میں اشیاءِ ضروریہ کے ساتھ ساتھ دیگر اشیاء کو بھی شامل کر لیا گیا ہے، یوریا اور چینی کی سمگلنگ کی روک تھام کیلئے ویب پورٹل کا اجراء کیا جا چکا ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ وزیرِ اعظم کی ہدایت کے مطابق 54 مشترکہ چیک پوسٹوں کا قیام عمل میں لایا جا چکا ہے، نان کسٹم گاڑیوں کی نشاندہی اور انکی میپنگ کیلئے نظام کا اجراء حتمی مراحل میں ہے، پاکستان لینڈ پورٹ اتھارٹی کے قیام کیلئے قانون سازی کا مسودہ حتمی مراحل میں ہے۔ اجلاس کو انسدادِ اسمگلنگ کی مہم کی اب تک کی کارکردگی پر رپورٹ بھی پیش کی گئی۔ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ میں شامل 212 ایسی اشیاء جن کی سمگلنگ کا خطرہ لاحق تھا، کی نشاندہی کر کے ان پر پابندی عائد کی جا چکی ہے۔ افغان ٹرانزٹ ٹریڈ کیلئے انشورنس گارنٹی کی بجائے بینک گارنٹی لازمی قرار دی جا چکی ہے۔ اشیاءِ ضروریہ کی اسمگلنگ میں خاطر خواہ کمی کے ساتھ ساتھ پیٹرولیم مصنوعات کی سمگلنگ میں 50 فیصد تک کمی واقع ہوئی۔ چینی کی سمگلنگ میں 80 فیصد کمی کے ساتھ ساتھ دیگر اشیاءِ خورونوش کی سمگلنگ میں بھی واضح کمی ہوئی۔ مالی سال 2023-24 کے دوران سمگلنگ کی کوششیں ناکام کر کے ضبط کی جانے والی اشیاء کی مالیت 106 ارب روپے ہے۔ انسدادِ سمگلنگ مہم کی وجہ سے ملک میں ذخیرہ اندوزی کے رجحان میں بھی کمی ہوئی۔ سمگلنگ میں ملی بھگت کرنے والے افسران کے خلاف کارروائی کے حوالے سے بھی اجلاس کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا۔ سمگلنگ میں ملوث عناصر، ٹرانسپورٹرز اور انکے سہولت کاروں کی نشاندہی کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ اس حوالے سے نادرا، ایکسائز اور دیگر اداروں کے ڈیٹا بیس سے بھی مدد لی جا رہی ہے۔

بقیہ 2

''پاکستان نیشنل اربن اسسمنٹ'' کے عنوان سے ایک رپورٹ میں بینک نے دعویٰ کیا کہ پاکستان کا ناکافی ٹیرف نظام ایک پیچیدہ مسئلہ ہے جو ڈسکوز کی مالی استحکام کو نقصان پہنچا رہا ہے، یہ خاص طور پر دیہی علاقوں میں ڈسکوز کی کارروائیوں کو متاثر کرتا ہے، جہاں 50 سے 70 فیصد ملازمین اپنا بل ادا نہیں کرتے، جس کی ایک وجہ ادائیگی نہ کرنے کی سکت سمیت بلنگ اور وصولی میں بے ضابطگیوں بنیادی وجوہات ہیں۔ بینک کے مطابق اسٹے آرڈرز جاری کرنے سے قانونی طریقہ کار میں ایک سال کے لیے تاخیر ہو رہی ہے اور میٹر میں چھیڑ چھاڑ اور متعلقہ آرڈیننس کے مجرموں کو محض ایک مقررہ جرمانہ ادا کرنے کی اجازت دے کر عدالتیں اس مسئلے کو مزید پیچیدہ بنا دیتی ہیں۔ بینک کے مطابق صرف نجکاری کے الیکٹرک ہی مالی طور پر پائیدار ہے، کمپنی کو کافی نقصان اٹھانا پڑتا تھا لیکن نجکاری کے بعد اس کی بحالی ہوئی اور اس کے بعد سے وہ اپنے ریونیو کی وصولی سے کام کر رہی ہے۔ بینک کے مطابق کافی مزاحمت کے باوجود اس نے اپنے 6,500 کلومیٹر کے وسیع سروس ایریا میں کامیابی حاصل کی ہے، جو کراچی سے آگے سندھ اور بلوچستان کے پانچ اضلاع تک جاتا ہے، جس سے بجلی کی چوری میں کمی آئی ہے۔ بینک کے مطابق لوڈ شیڈنگ کے ذریعے اس نے غیر قانونی کنکشنز سے ہونے والے نقصانات پر قابو پا لیا ہے جو اب بھی کچھ علاقوں میں موجود ہیں، کے الیکٹرک کی جانب سے پیش کیے گئے کامیاب ماڈل کے باوجود، سیاسی مسائل اور ٹریڈ یونینوں کی شدید مزاحمت نے دیگر ڈسکوز کی نجکاری کو روک دیا ہے۔

بقیہ 3

ڈیپارٹمنٹ ایس ای سی پی) سید مرتضیٰ عباس نقوی (جوائنٹ ڈائریکٹر ایس ای سی پی) اور زاہد لطیف خان (سی ای او زاہد لطیف خان اسلامک فنانشل سروسز) نے طلابِ جامعہ سے خطاب کیا جس میں اسلامک فنانس کی ضرورت و اہمیت، اسلامک فنانس میں اب تک کی جانے والی کوششوں اور ملک خداداد پاکستان کے معاشی نظام کو اسلامی اصولوں پر استوار کرنے کے لیے علمائے کرام اور دینی طالبِ علموں کے کردار پر روشنی ڈالی، اس سیمینار میں جامعہ الکوثر کے نا صرف طلاب بلکہ جید علمائے کرام اور جامعہ کے اساتذہ نے بھی شرکت کی، اس کے علاوہ مختلف یونیورسٹیز کے پروفیسرز، بینکوں کے سربراہان، پاکستان اسٹاک ایکسچینج اور اس کے علاوہ دیگر مالیاتی اداروں کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین الصادق انسٹیٹیوٹ آف اسلامک بینکنگ اینڈ فنانس علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے کہا کہ ہم نے اس بات کا عہد کیا ہے کہ پاکستانی معاشرے کو ایک اسلامی معاشرہ بنانے کی کوشش کریں گے، نتائج جو بھی ہوں ہمارا کام ہے خلوص نیت سے اپنا شرعی فریضہ انجام دینا، اگر معاشرے کی اقتصاد اسلامی نہ ہوئی تو پھر معاشرے کی روح بھی اسلامی نہیں ہوگی، پاکستان اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا تھا لیکن اس شعبے میں کام نہ ہونے کی وجہ سے اسلامی اقتصادیات میں آگے نہیں بڑھا جا سکا، پھر ملک میں امریکی و برطانوی سیاسی مداخلت سے ملکی معیشت و اقتصاد کا رخ ہی موڑ دیا گیا، ہمیں پورے نظام اقتصاد کو اسلامی بنانا چاہیے، دینی اسکالرز اور طلاب کو اسے اپنانا چاہیے تاکہ معاشرے میں بہترین کارکردگی کے ساتھ مؤثر نتائج کا حصول ممکن ہو سکے، روزی کی فکر نہیں کرنی چاہیے حلال کام میں مصروف ہونے والے کو اللہ تعالیٰ کثرت رزق سے نوازتا ہے، الصادق انسٹیٹیوٹ ان مدارس کو بنیادی اسکالرشپ فراہم کرے گا جو اسلامک فنانسنگ میں آگے بڑھنا چاہتے ہیں، حلال انڈسٹری میں قدم بڑھائیں اس کے بھی کورسز ہیں ہم آپ کی پوری رہنمائی کریں گے، بہت وسیع میدان ہے آپ بس ہمت کریں اور اس میں آگے بڑھیں، میں شیخ علامہ انور علی نجفی اور شیخ علامہ اسحاق نجفی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے ہمیں موقع فراہم کیا اور ہم یہ خوبصورت محفل سجانے میں کامیاب ہوئے۔ اسلامک فنانس ڈیپارٹمنٹ اینڈ سیکورٹیز ایکسچینج کے ہیڈ طارق نسیم نے کہا کہ دینی تعلیم سے وابستہ ہونے کے ساتھ ساتھ اسلامک فنانسنگ میں بھی قدم رکھنا انتہائی اہمیت کا حامل ہے، ہم اسلامک بینکنگ میں تمام مکاتب فکر کے علماء کی شمولیت کو یقینی بنا کر رہنمائی لیتے ہیں، اسلام کا حکم بھی ہے کہ مال کے بارے میں پوچھا جائے گا کہ کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا لہٰذا اپنے مالی معاملات کو درست اور ٹھیک رکھنا ضروریات دین میں بھی ہے اور اسے سیکھنا بھی اہم ہے، اسلامک فنانسنگ میں جس قدر مہارت حاصل کریں گے اس قدر معاشرے میں آسانیاں پیدا کرنے اور مشکلات دور کرنے کا باعث بنیں گے۔ جوائنٹ ڈائریکٹر سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج ڈیپارٹمنٹ آف پاکستان سید مرتضی عباس نقوی نے کہا کہ صحت مند معاشرے کے لیے صحت مند معیشت کا ہونا اشد ضروری ہے، جو کچھ تعلیمی اداروں میں پڑھایا جاتا ہے وہ عملاً رائج نہیں ہو رہا ہوتا اس پر ہمیں کام کرنے کی ضرورت ہے، معیشت کا کردار معاشرے میں دل کی مانند ہوتا ہے جیسے دل پورے جسم میں خون کو اچھے طریقے سے پمپ کرتا ہے اور خون کی گردش اچھی ہونے سے انسانی صحت مند رہتا ہے اسی طرح اچھی معیشت کے لئے پیسے کی ریل پیل اور گردشِ بہت ضروری ہے اور اسلامی معیشت سے معاشرہ اقتصادی طور پر توانا اور صحت مند ہو جاتا ہے اور لوگوں کی زندگیوں میں خوشحالی پیدا ہوتی ہے۔

بقیہ 4

اور رورل ایریاز تباہ حال ہیں۔ لگتا ہی نہیں ہے کہ کراچی میں بلدیاتی اداروں کا وجود ہے۔ ہم نے لینڈ مافیا کی نشاندہی کی، صفائی اور سڑکوں کی صورتحال سے آگاہ کیا۔ لیکن انکے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی۔ سندھ اسمبلی کا اجلاس ایک ہفتے بعد ہوگا۔ اس میں بھی احتجاج کریں گے۔ لیکن اس سے پہلے عدالت میں جائیں گے۔ میونسپل کمشنر افضل زیدی سے موقف لینے کے لئے رابطہ کیا گیا لیکن نہ وہ فون پر دستیاب تھے نہ دفتر میں۔ جبکہ شہر کی صورتحال یہ ہے کہ پانی نایاب، سیوریج اوور فلو اور سڑکیں اور گلیاں زیر آب ہیں۔ سالڈ ویسٹ منیجمنٹ بورڈ اور کے ایم سی ٹی ایم سیز ناکام ہیں۔ جبکہ کنٹونمنٹ ایریاز بھی انکی نااہلی کا کھلا ثبوت ہیں۔ اسکیم تینتیس میں جگہ جگہ کنٹونمنٹ ایریاز میں سڑکیں کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہیں۔ گلستان جوہر، اورنگی ٹاؤن، نیو کراچی، نارتھ کراچی، سرجانی، کورنگی، لانڈھی کی صورتحال بھی ابتر ہے۔ ایم کیو ایم نے افضل زیدی پر سنگین بدعنوانیوں اور کلک کے ذریعے غیر قانونی کاموں اور دیگر امور کی بھی سندھ اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس جمع کرا دیا ہے اور عدالت میں بھی یہ امور سامنے رکھے جائیں گے۔

بقیہ 5

جانیوالے بے بنیاد الزامات پر انہیں اپنے وکلاء کے ذریعے قانونی نوٹس بھیج دیا ہے، بابر نواز خان نے ان خیالات کا اظہار نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، ان کا مزید کہنا تھا کہ عمر ایوب پر لگائے جانیوالے اپنے الزامات پر قائم ہوں، اپوزیشن لیڈر عدالتی اسٹے کے پیچھے چھپ رہے ہیں، اپوزیشن لیڈر کو بھاگنے نہیں دونگا ان کا پیچھا کرتا رہونگا، 2024ء کے انتخابات میں میرے حلقے این اے 18 ہری پور میں سات لاکھ چوبیس ہزار ووٹ کاسٹ ہوئے جو کہ سوا منٹ میں ایک ووٹ بنتا ہے، حالانکہ ایک ووٹ کی صرف تصدیق مین تین سے چار منٹ صرف ہو جاتے ہیں اور ہمارے حلقے مین اکثر ووٹ پہاڑی آبادی کے ہیں جن کے پولنگ اسٹیشنز پر پہنچنے میں تین چار گھنٹے صرف ہو جاتے ہیں، پی ٹی آئی والے خود مانتے ہیں کہ انتخابات میں جعلی ووٹ ڈالے گئے، ہمارے کئی لوگ جب ووٹ ڈالنے پولنگ اسٹیشنز گئے تو پتہ چلا کہ انکا ووٹ تو پہلے ہی کوئی پول کر گیا ہے، اس دھاندلی کیخلاف میں نے الیکشن کمیشن میں درخواست دائر کی مگر خود کو صاف وشفاف انتخابات کا چیمپین سمجھنے والے عمر ایوب اسکی مخالفت کرنے لگے کہ اس درخواست کو خارج کیا جائے، بزرگوں سے سنا ہے کہ انکے دادا کو لوگوں نے برا بھلا کہا تھا تو انہوں نے اقتدار چھوڑ دیا تھا مگر اب ان کی وہ غیرت پتہ نہیں کہاں چلی گئی ہے، اخلاقی طور پر انہیں اس سیٹ پر بیٹھنے کا کوئی حق نہیں ہے، انہوں نے 2018ء کے انتخابات میں بینکوں سے کمپنی کے نام پر لیا جانے والا قرضہ چھپایا اور اشٹام پیپر پر لکھ کر دیا کہ نوا کمپنی سے انکا کوئی تعلق نہیں ہے تاہم بعد میں پتہ کرنے پر معلوم ہوا کہ اس کمپنی میں 99.9 فیصد شیئرز انکے اور انکی فیملی کے نام ہیں، پی ٹی آئی کے کارکنوں سے کہتا ہوں کہ انکے آباؤ اجداد کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں یہ ملک کے حق میں کبھی بھی نہیں تھے، میرا مقابلہ محترمہ فاطمہ جناح کے نام کی تختی کتیا کے گلے میں ڈالنے والوں سے ہے، جب موصوف وفاقی وزیر تھے تو انکے پانچ چھ فرنٹ مین تھے، جنکے ناموں کے پہلے حروف لیکر ایک کمپنی بنائی گئی جو بظاہر گوشت کا کاروبار کرتی تھی، یہ اپنے دور اقتدار میں ایک بھارتی شہری سے ملائشین وفد کے ہمراہ چھپ کر ملاقاتیں کرتے رہے ہیں، اس کمپنی کے ذریعے موصوف نے اپنا کالا دھن سفید کیا، یہ وائٹ کالر کرمنلز ہیں، انکے پردادا کے بعد سے بننے والی جائیداد کا آڈٹ ہونا چاہیئے، میں اپنے آپ اور اپنے خاندان کو عوام کے سامنے احتساب کیلئے پیش کرتا ہوں موصوف اپنے اور خاندان کو احتساب کیلئے پیش کریں تاکہ عوام انکی حقیقت جان سکیں، صوابی جلسے میں پی ٹی آئی کارکنوں نے ان پر لوٹے پھینکے ہیں، بابر نواز خان نے مطالبہ کیا کہ اس سارے معاملے کی غیر جانبدارانہ اور شفاف انکوائری کرائی جائے، آج یہ عدالت میں کہتے ہیں کہ وقت گزر گیا، میرا عمر ایوب کو چیلنج ہے کہ وہ الیکشن کمیشن میں میری درخواست کی مخالفت کرنے کے بجائے اسکا سامنا کریں اور حلقہ کھولنے دیں اس کے سارے اخراجات میں برداشت کرنے کو تیار ہوں، انہوں نے مزید کہا کہ آج کشمیر کے نعرے لگانے والے ہی اصل میں کشمیر کو بیچنے والے ہیں، یہ نوجوان نسل کو حقیقت نہیں بتاتے، عمر ایوب کی طرف سے مجھ اور میری فیملی پر لگائے جانیوالے بے بنیاد الزامات پر انہیں اپنے وکلاء کے ذریعے قانونی نوٹس بھیج دیا ہے

بقیہ 6

بلاتفریق خدمت کر رہی ہے اور یقیناً ایسے فیصلوں سے ملازمین کے تمام مسائل حل ہونگے اور انکے گھر میں خوشحالی آئے گی، ہم تمام ملازمین کی پروموشن کروانے پر قائدین کا شکریہ ادا کرتے ہیں، تمام ملازمین سی ڈی اے مزدور یونین کے ساتھ ہیں اور اپنی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہیں اور انشاء اللہ ریفرنڈم میں تمام ملازمین سی ڈی اے مزدور یونین کو بھاری اکثریت سے کامیاب کریں گے، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سی ڈی اے مزدور یونین کے جنرل سیکرٹری چوہدری محمد یٰسین نے کہا کہ سی ڈی اے مزدور یونین نے ہمیشہ مزدور کاز کے لیے جدوجہد کی اور اپنے عمل سے ثابت کیا کہ مزدور یونین ہی مزدوروں کی نمائندہ تنظیم ہے جو ہر محاذ پر ملازمین کے حقوق کا تحفظ کرنا جانتی ہے، ہم نے ریفرنڈم میں جو وعدے کیے تھے آج الحمد للہ اسکی تکمیل کر رہے ہیں اور ہم سات ہزار سے زائد فیلڈ سٹاف کی پروموشن کروا چکے ہیں جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی، سی ڈی اے مزدور یونین کو اپنے کارکنوں پر فخر ہے، ماضی میں فیلڈ سٹاف ملازمین کو نظر انداز کر کے ایسے قوانین بنائے گئے جن سے ان ملازمین کی ترقیاں رک گئیں لیکن ہم نے ملازمین کے لیے تیس سے زائد مختلف کیٹگریاں سی ڈی اے بورڈ سے منظور کروائیں اور ادارے کے مالی، بیلدار، والومین و دیگر فیلڈ سٹاف جو اسی سکیل میں ریٹائرڈ ہو جاتا تھا اسکی پروموشن کے لیے تعلیم کی شرط کا خاتمہ کروایا جس سے ادارے کے ہزاروں ملازمین مستفید ہونگے اور وہ اگلے سکیل میں ترقی حاصل کر سکیں گے، ہم نے ان مشکل ترین حالات میں ملازمین کو 20 فی صد مہنگائی الاؤنس دلوایا اور تمام الاؤنسز میں 50 سے 100 فی صد اضافہ کروایا جبکہ نام نہاد لیڈروں نے اپنی دیہاڑی لگانے کے علاوہ مزدوروں کے لیے کچھ نہیں کیا اور پلاٹوں کے نام پر ملازمین کو بیوقوف بناتے رہے اور اب ریفرنڈم کے نام پر دوبارہ ملازمین کو ورغلا رہے ہیں لیکن سی ڈی اے کا باشعور مزدور انکی سیاست کو ہمیشہ کے لیے دفن کر دیں گے اور فتح انشاء اللہ سی ڈی اے مزدور یونین کی ہوگی، اس موقع پر انہوں نے سی ڈی اے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ طور پر سی بی اے کے ساتھ مذاکرات کے ذریعے ملازمین کو درپیش مسائل حل کریں تاکہ مزدوروں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو سکے، تقریب کے اختتام پر قائد مزدور چوہدری محمد یٰسین نے تمام پروموٹ ہونے والے ملازمین میں ترقی کے لیٹرز اور ریٹائرڈ ہونے والے ملازمین میں تحائف تقسیم کیے۔

بقیہ 7

کوششیں نومنتخب عہدیداران کے ساتھ ہیں

بقیہ 8

شعبہ سائل کیمسٹری کی قیادت میں ڈاکٹر محمد آفتاب اور محمد شفیق سمیت شعبہ کے زرعی سائنسدانوں، فیلڈ و دفتری عملہ نے ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کے احاطہ اور ریسرچ ایریا میں پودے لگائے اور ملک کو سرسبز بنانے اور موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات کے خاتمہ کے لئے دعائیں مانگیں۔ ڈاکٹر محمد نسیم، چیف سائنٹسٹ، شعبہ سائل کیمسٹری اینڈ انوائرمینٹل سائنسز نے اس موقع پر زرعی سائنسدانوں اور دفتری سٹاف کے علاوہ قوم کو پنجاب بھر میں مختلف انواع کے درختوں کے علاوہ پھلوں اور زیبائشی پودے لگانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ موسم خریف کی شجر کاری میں لگائے گئے پودے نسبتاً زیادہ کامیاب ہوتے ہیں جو کہ خوش آئند بات ہے۔ ادار کے زرعی سائنسدان گرین ہاؤس گیسز کے اخراج میں کمی لانے کے لئے تحقیقی کاوشوں میں مصروف عمل ہیں۔ ڈاکٹر عرفان الحق، سینئر سائنٹسٹ نے اس موقع پر بتایا کہ موجودہ صدی میں ہونے والی صنعتی ترقی اور اربنائزیشن کے نتیجہ میں فضاء میں گرین ہاؤس گیسز کا تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ فضاء میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کی کنسنٹریشن 280 پی پی ایم سے بڑھ کر 417 پی پی ایم ہو گئی ہے جسکی وجہ سے گلوبل وارمنگ میں بھی اضافہ ہوا ہے اور درجہ حرارت میں 1.5 ڈگری سینٹی گریڈ کا اضافہ نوٹ کیا گیا ہے۔ پاکستان دنیا میں ماحولیاتی آلودگی کے حوالہ سے دنیا کے سرفہرست ممالک میں شامل ہے۔ ایک تناور درخت 5 فیملی ممبران کی آکسیجن کی ضرورت پوری کرتا ہے۔ اس اہمیت کے پیش نظر موسم بہار کی شجر کاری مہم کو کامیاب بنانے کے لئے زیادہ سے زیادہ پودے لگائے جائیں اور انکی بہتر دیکھ بھال کو یقینی بنایا جائے۔ اس ماحول دوست مہم میں تمام افسران اور دفتری سٹاف شامل ہو کر اپنا قومی فریضہ سرانجام دیں۔ ڈاکٹر محمد آفتاب نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ خریف شجر کاری مہم کا مقصد ماحولیاتی آلودگی اور گلوبل وارمنگ جیسے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کیلئے درختوں کی تعداد میں اضافہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 9

بجلی 2 روپے 59 پیسے فی یونٹ اور جون کی ایڈجسٹمنٹ مد میں بجلی 3 روپے 17 پیسے فی یونٹ مہنگی ہوئی۔ نیپرا نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ مئی کا اضافہ اکتوبر میں اور جون کا اضافہ نومبر میں وصول کیا جائے گا۔

بقیہ 10

، پنجاب بھر میں انتظامیہ حکم نامے پر عملدرآمد یقینی بنائے گی۔ عوامی آگاہی کے لئے دفعہ 144 کے نفاذ کی بڑے پیمانے پر تشہیر کی ہدایت کر دی گئی۔

بقیہ 11

کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا جس کے انکشاف پر ڈپٹی کمشنر سروش فاطمہ شیرازی نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کٹھہ سگھرال کے ٹیچر کے طالب علم پر تشدد کا نوٹس لے کر محکمہ تعلیم کو فوری تحقیقات کا حکم دیا۔ جس پر سی ای او ایجوکیشن نے پی ایس ٹی ٹیچر شبیہ اختر کو معطل کر دیا اور اسسٹنٹ کمشنر ایچ آر کی سربراہی میں انکوائری کمیٹی تشکیل دے کر انکوائری کمیٹی سے 5 روز میں رپورٹ طلب کر لی۔ اس حوالہ سے ڈپٹی کمشنر خوشاب کا کہنا ہے کہ تعلیمی اداروں میں بچوں پر تشدد کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 12

جاری کیے۔ کمشنر کو بتایا گیا کہ تینوں ہسپتالوں کی تعمیر و مرمت کا تخمینہ 84 کروڑ 27 لاکھ روپے لگایا گیا ہے۔ فیصل مسعود ٹیچنگ ہسپتال کا رحمت للعالمین بلاک تعمیر و توسیع کے بعد چار یونٹ یہاں منتقل کیے جائیں گے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ٹی بی ہسپتال کی اپر سٹوری کی تعمیر و مرمت مکمل ہو چکی ہے جبکہ گراؤنڈ فلور کا کام جاری ہے۔ اسی طرح گورنمنٹ مولا بخش ہسپتال کی عمارت کو سٹیٹ آف آرٹ بنایا جا رہا ہے۔ تینوں ہسپتالوں کا منصوبہ پایہ تکمیل پہنچنے کے بعد ڈاکٹرز بہترین ماحول میں اپنے فرائض بخوبی ادا کر سکیں گے۔ جبکہ مریضوں کو بھی صحت کی مزید بہترین سہولیات میسر آ سکیں گئیں۔ اجلاس میں سرگودہا میڈیکل کالج کی فیکلٹی کے ایشوز کو بھی زیر بحث لایا گیا اور طے پایا گیا کہ اس حوالے سے صوبائی حکومت سے رابطہ کر کے مناسب حل یقینی بنایا جائے گا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ بلال حسن، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل رانا شاہد عمران، پرنسپل سرگودہا میڈیکل کالج وارث فرو کہ، ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر مشتاق بشیر اور ایس ای بلڈنگ امانت علی شریک ہوئے۔

بقیہ 13

کی، ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن نے شناخت کرتے ہوئے فوراً پولیس کو موقع پر بھجوایا، پولیس نے خاتون کے بتائے گئے حلیے اور لوکیشن سے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ اوباش کو تحریری معافی مانگنے اور آئندہ ایسی حرکت نہ کرنے پر چھوڑ دیا گیا۔ خاتون نے ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن اور پولیس کے تعاون کا بھرپور شکریہ ادا کیا۔ ترجمان سیف سٹیز نے کہا کہ خواتین کسی بھی ایمرجنسی میں 15 پر کال کر کے 2 دبا کر ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطہ کر سکتیں ہیں، خواتین ویمن سیفٹی ایپ لائیو چیٹ اور ویڈیو کال فیچر کے ذریعے بھی ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن سے رابطہ کر سکتیں ہیں۔

بقیہ 14

کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ سلام ان تمام شہداء کو جنہوں نے اپنا آج ہمارے پرامن کل کے لئے نچھاور کر دیا، آخری دہشت گرد کا خاتمہ کر کے شہداء کے خون کا قرض اتاریں گے۔

بقیہ 15

کمپنیوں اور "زندگی" کے درمیان ایم او یوز پر دستخط کئے گئے ہیں۔ ہر ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سی ای او نے اپنے ادارے جبکہ زندگی کی جانب سے چیف بزنس آفیسر عاطف اسحاق نے زندگی کی جانب سے دستخط کئے۔ ایم او یوز کی تقریب کے مہمان خصوصی وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق تھے۔ سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل، سی ای او لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بابر صاحب دین اور سی ای او زندگی نعمان اظہر نے بھی شرکت کی۔ معاہدے کے تحت ''زندگی جے ایس بینک''، ستھرا پنجاب کی ایپ بلا معاوضہ تیار کرے گا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ محکمانہ اور دیگر امور کی ڈیجیٹائزیشن وقت کی ضرورت ہے۔ مجھے محکمہ لوکل گورنمنٹ اور زندگی کے درمیان ہونے والے ایم او یوز پر بہت خوشی ہوئی۔ جس کے تحت ''زندگی'' پورے پنجاب میں آؤٹ سورسنگ کے حوالے سے سروے جیسا مشکل کام کرے گا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام وزیر اعلی مریم نواز شریف کا فوکس ہے۔ زندگی کی تیار کردہ ایپ منفرد فیچرز کی حامل ہو گی جس کے ذریعے پنجاب میں صفائی کے عمل کی نہ صرف مانیٹرنگ ہو سکے گی بلکہ شہری آن لائن فیس جمع کرا سکیں گے اور فیڈ بیک بھی دے سکتے ہیں۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ صفائی کی آؤٹ سورسنگ کے پروگرام سے روزگار کے ایک لاکھ کے قریب نئے مواقع پیدا ہونگے۔ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ مسلم لیگ ن کے صدر نواز شریف اور وزیر اعلی مریم نواز شریف عوام کیلئے آسانیاں پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے اقتدار سنبھالنے کے بعد نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ صرف 6 ماہ کے اندر ایک لاکھ ملازمتیں فراہم کرنے میں پیشرفت چھوٹی کامیابی نہیں۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ دنیا کیش ادائیگی سے دور ہو رہی ہے۔ پنجاب کو بھی ڈیجیٹائز کرنا ہوگا۔ ڈیجیٹل پیمنٹ آسان اور شفاف ہوتی ہے۔ "زندگی جے ایس بینک" کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے وزیر اعلی کے ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے میں تعاون کیا ہے۔ اس موقع پر سی ای او زندگی نعمان اظہر نے وزیر اعلی، وزیر بلدیات، سیکرٹری لوکل گورنمنٹ اور سپیشل سیکرٹری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو فیس کولیکشن کیلئے سافٹ ویئر بنا کر دیں گے۔ اس کے علاوہ بھی آئی ٹی سے متعلق جو تعاون درکار ہو گا وہ فراہم کیا جائے گا۔

بقیہ 16

کیلئے کم از کم اپنے سکول میں تین سال گزارنا لازمی ہوگا، تین سال سے کم عرصہ والے اساتذہ تبادلوں کیلئے اپلائی نہیں کر سکیں گے۔

بقیہ 17

واقعے میں خواتین سمیت 7 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، علاقہ دور دراز ہونے کی وجہ امدادی کاموں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق دوسری جانب جاں بحق اور زخمیوں کو خلیفہ گل نواز اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 18

زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔ واضح رہے کہ ایران کے شہر یزد میں پاکستانی زائرین کی بس کو حادثہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں 35 زائرین جاں بحق ہو گئے۔

بقیہ 19

غیر قانونی کرنسی ایکسچینج اور حوالہ ہنڈی کا کاروبار کر رہا تھا۔ ترجمان کے مطابق ملزم کے خلاف کارروائی خفیہ اطلاع پر عمل میں لائی گئی۔ چھاپے کے دوران ملزم سے 75 لاکھ 70 ہزار پاکستانی روپے اور 5000 امریکی ڈالرز بھی برآمد ہوئے۔ ملزم برآمد ہونے والی کرنسی کے حوالے سے حکام کو مطمئن نہ کر سکا۔ ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق ملزم حوالہ ہنڈی سے قومی خزانے کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچانے کے الزام کے تحت ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔

بقیہ 20

کر دیا اور بانی پی ٹی آئی کے وکلا کو بھی ایک کاپی فراہم کر دی۔ دستاویزات فراہم کرنے کے بعد عدالت نے 190 ملین پاؤنڈ کیس میں حتمی فیصلہ نہ سنانے کا حکم امتناع ختم کر دیا۔

بقیہ 22

تلاش شروع کر دی گئی ہے۔ ہری پور میں تھانہ سٹی کے علاقے چھوہر شریف میں مسجد کے باہر جج پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی، فائرنگ کے نتیجے میں جج محمد فرید زخمی ہو گئے۔ حملہ آوروں نے سیشن جج محمد فرید کو مسجد میں داخل ہوتے ہوئے نشانہ بنایا۔ جج محمد فرید کو زخمی حالت میں اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ سیشن جج محمد فرید کو دو گولیاں لگی ہیں۔

بقیہ 23

تو ختم ہوتا ہے اور اس ضمن میں انہوں نے اسد قیصر کی سربراہی میں جو کمیٹی بنائی تھی وہ اب غیر فعال ہو جائے گی۔

بقیہ 24

ڈالر، جاپان 254 ملین ڈالر، فرانس 186 ملین ڈالر، سعودی سیف ڈیپازٹس 152 ملین ڈالر نیا پاکستان سرٹیفکیٹس 659 ملین ڈالر اور دیگر کو 711 ملین ڈالر بیرونی قرضہ کی ادائیگی کی گئی۔

بقیہ 25

تالا بندی پر پولیس کی دوڑیں لگ گئیں تاہم اہل علاقہ اور مدرسہ کے بچوں کی استدعا پر تالا بندی کو عارضی طور پر کھول دیا گیا۔

بقیہ 26

پاکستان کسٹمز ٹیرف کے مطابق مناسب درجہ بندی کے تعین کے لیے ''وائی فائی/ایم آئی فائی ڈیوائسز'' کی درجہ بندی کا معاملہ درجہ بندی کمیٹی کو بھجوا دیا۔ یہ معاملہ کسٹمز اپیلٹ ٹریبونل نے اٹھایا اور ٹریبونل نے کیس کو کسٹمز کی درجہ بندی کمیٹی کو بھجوا دیا جس نے باغور جائزہ لیا اور فیصلہ دیا کہ MiFi4G موڈیم اور موبائل وائی فائی موڈیم کی درآمد پر 11 فیصد کسٹم ڈیوٹی عائد کی جاتی ہے۔

بقیہ 27

میں صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف 2 دہائیوں سے جاری جنگ کی پاکستان نے بھاری قیمت چکائی ہے۔ آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ دہشت گردی نے ملکی معیشت کو اربوں ڈالر کا مالی نقصان پہنچایا، پاکستان مخالف قوتیں دہشت گردی کی حمایت اور مالی معاونت کر رہی ہیں

بقیہ 28

عدلیہ سے ریلیف مل جائے گا۔ محمد مالک نے کہا کہ حکومت کو ابھی تک اسموکنگ گن نہیں مل رہی تھی، فیض حمید اسموکنگ گن ثابت ہو سکتے ہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن نے بھی اعلان کر دیا ہے کہ وہ کسی اتحاد کا حصہ نہیں بن رہے۔ 9 مئی کے بعد پارٹی کا ڈھانچہ بالکل ٹوٹا ہوا ہے۔ خیبر پختونخوا میں اکٹھا ہونا اور بات ہے ملک گیر تحریک مختلف ہے۔

بقیہ 29

فیصلہ کیا گیا کہ شہری کی جانب سے گاڑی پر ایسی لائٹ لگانے کی صورت میں لائٹ قبضے میں لیکر رجسٹریشن منسوخ ہوگی، گاڑی کے شیشوں میں تبدیلی بھی رجسٹریشن کی منسوخی کا باعث بنے گی۔ عرفان میمن نے کہا کہ دوبارہ رجسٹریشن پر نئے شیڈول کے تحت فیس وصول کی جائے۔

بقیہ 30

گا، اوپن ٹرائل سے رجیم چینج اور 9 مئی کی سازش بے نقاب ہو جائے گی۔ اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ جانے والے ہیں، اب جنرل فیض کا ڈرامہ رچایا گیا ہے، میں مطالبہ کرتا ہوں جنرل فیض کا اوپن ٹرائل کیا جائے اور اس ٹرائل میں میڈیا کو عدالت جانے اور کوریج کی اجازت دی جائے گی، اوپن ٹرائل سے ملک کا فائدہ ہوگا اور پاکستان ترقی کرے گا، اوپن ٹرائل سے رجیم چینج اور 9 مئی کی سازش بے نقاب ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ میں نے بھی اگر بغاوت کی ہے تو میرا بھی اوپن ٹرائل کریں، سوال اٹھایا کہ یہ کون سی جمہوریت میں ہوگا کہ سابق وزیر اعظم کا ٹرائل ملٹری کورٹ میں کیا جائے؟ انہوں نے بتایا کہ اڈیالہ جیل کے سابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ اکرم کو اٹھا لیا گیا، اس کی بیوی انصاف مانگ رہی ہے اور یہاں کوئی انصاف نہیں مل رہا، یہ سب کچھ کر کے صرف اور صرف چیف جسٹس کو تحفظ دیا جا رہا ہے، یہ سب اتنی تیزی سے اس لیے کیا جا رہا ہے کیونکہ میرے خلاف تمام مقدمات ختم ہو رہے ہیں، نیب تفتیشی نے بیان دیا کہ ملک ریاض کا پیسہ چوری کا نہیں تھا، اس کے بعد 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس ختم ہو چکا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ یہی بات ہم نے کابینہ میں ڈسکس کی تھی کہ جب یہ پیسہ چوری کا نہیں تو اسے پاکستان لایا جائے، نیشنل کرائم ایجنسی برطانیہ نے ملک ریاض کی رقم مشکوک ٹرانزیکشن پر فریز کی تھی، رقم اس لیے فریز کی گئی کہ حسن نواز کی 9 ارب مالیت کی پراپرٹی 18 ارب روپے میں خریدی گئی، ہمیں ملک ریاض نے کہا تھا کہ این سی اے کے ساتھ ڈیل کو پبلک نہ کیا جائے اسی لیے ہم نے اس ڈیل کو خفیہ رکھا، ملک ریاض اور این سی اے کی ڈیل کو ایف آئی اے اور نیب کھول سکتے تھے، برطانیہ سے جو رقم پاکستان آئی اس سے اب تک یہ 20 ارب ڈالر کما چکے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ نئے توشہ خانہ کیس میں بھی انعام شاہ اور اپریزر کو وعدہ معاف گوار کھا گیا ہے۔ اس پر صحافی نے سوال کیا کہ جنرل (ر) فیض حمید پر الزام ہے کہ انہوں نے 9 مئی کی سازش کا منصوبہ بنایا، آرمی کی تنصیبات پر حملوں کے ٹارگٹ سیٹ کیے جس پر آپ نے عمل درآمد کروایا، عمران خان نے جواب دیا کہ جس نے میرے اغوا کا حکم دیا تھا اسی نے 9 مئی کی سازش تیار کی تھی اور اسی نے 9 مئی واقعات کی سی سی ٹی وی فوٹیج چوری کی ہے۔ صحافی نے مزید دریافت کیا کہ آپ کی گرفتاری کا حکم کس نے دیا تھا؟ عمران خان نے بتایا کہ جو رینجرز کنٹرول کرتا ہے، انہوں نے سوال کیا کہ رینجرز کو کون کنٹرول کرتا ہے؟ صحافی نے جواب دیا کہ رینجرز وزارت داخلہ کے ماتحت ہے، اس پر عمران خان نے کہا کہ میں وزیر اعظم رہا، مجھے ایک دفعہ رینجرز کی ضرورت پڑی، مجھے پتا ہے کہ رینجرز کو کون کنٹرول کرتا ہے، مجھے پتا ہے 9 مئی کو میرے اغوا کا حکم کس نے دیا تھا۔ ایک سوال جواب پر عمران خان نے کہا کہ میرے ٹرائل کو اوپن کیا جائے، کس نے حملہ کیا، کس نے سازش تیار کی سب کچھ سامنے آ جائے گا، 9 مئی نیشنل سیکیورٹی کا نہیں لوکل معاملہ ہے، یہ ملٹری کا اندرونی معاملہ نہیں ہے ملک کی سب سے بڑی جماعت کے سربراہ اور سابق وزیر اعظم کے اغوا کا معاملہ ہے۔ صحافی نے دریافت کیا کہ آپ نے ملک ریاض کے کہنے پر مان لیا کہ یہ چوری یا منی لانڈرنگ کا پیسہ نہیں، آپ نے کابینہ سے منظوری لینے سے قبل یہ تحقیقات کیوں نہیں کرائی کہ یہ پیسہ پاکستان سے باہر کس بینکنگ چینل کے ذریعے گیا؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہمیں ملک ریاض نے بتایا تھا کہ یہ چوری یا منی لانڈرنگ کا پیسہ نہیں، پھر ہم نے کیا تحقیقات کرنی تھیں، صحافی نے مزید پوچھا کہ آپ نے صرف ملک ریاض کے کہنے پر یقین کر لیا اور اس کو تحفظ دیا؟ عمران خان نے بتایا کہ ملک ریاض نے مجھے نہیں کہا تھا کہ یہ چوری یا منی لانڈرنگ کا پیسہ نہیں ہے۔

بقیہ 31

اسکالرشپ دے رہی ہیں، الحمد للہ، مریم نواز نے آج اپنا گھر اپنی چھت میگا پروجیکٹ بھی لانچ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک شخص نے 1 کروڑ نوکریاں، 50 لاکھ گھر دینے کے وعدہ کیا پھر مکر گیا اور ایک جماعت پچھلے 3 سال سے صوبہ سندھ میں 21 لاکھ گھر بنانے کے صرف اعلانات کر رہی ہے۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ایک جماعت ایک صوبے میں 16 سال جبکہ دوسری 11 سال سے حکومت کر رہی ہے، ایک حکومت 16 سال بعد بھی کراچی کا کچرا نہیں اٹھا سکی جبکہ دوسری حکومت 11 سال بعد بھی دریاؤں کو کراس کرنے والی ڈولیوں سے جان نہیں چھڑا سکی۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کی حکومت کو صرف چند ماہ ہوئے ان کا کام بول رہا ہے اور مخالفین جھوٹا پروپیگنڈا کر رہے ہیں جتنا وقت آپ مریم نواز کی کارکردگی پر جلنے کڑھنے میں لگاتے اتنا کام پر فوکس کرتے تو آپ کے صوبوں کا یہ حال نہ ہوتا۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پنجاب میں مریم نواز اور ان کی ٹیم بشمول افسران دن رات عوام کی خدمت میں مصروف عمل ہیں جبکہ سندھ اور خیبر پختونخوا کی حکومتیں اپنے صوبوں کی بجائے پنجاب پر نظر رکھنے کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں حکومتوں کے اپنے ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں کا کوئی پرسان حال نہیں اور ان کو فکر پنجاب کے ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں کی پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کو پنجاب کے عوام نے مینڈیٹ دیا تو وہ خدمت بھی پنجاب کی کریں گی اور مخالفین دن رات مریم نواز کے بغض، تعصب اور حسد میں جلنے کی ڈیوٹی پانچ سال سرانجام دیتے رہیں گے۔

بقیہ 32

میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکے گا۔ منعقدہ یوتھ کونشن میں وزیر اعظم اور آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے شرکت کی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ میں اس یوتھ کونشن میں قوم کے قابل نوجوان بیٹے بیٹیوں کو دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہا ہوں، ابھی چند روز قبل ہم نے یوم آزادی منایا اور ان خوشیوں میں 40 سال بعد پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیت کر ارشد ندیم نے خوشیوں میں اضافہ کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ ارشد ندیم نے دن رات محنت کی اور پاکستان کو گولڈ میڈل جیتا کر ثابت کیا کہ حالات کتنے مشکل کیوں نہ ہوں اگر قوم فیصلہ کر لیں کے ہار نہیں ماننی تو ہم کامیاب ہوں گے، پاکستان کی ترقی کنجی آپ کے ہاتھ میں ہے، حکومت کا فرض ہے کہ نوجوانوں کے ہاتھ میں جدید علم دیں تاکہ آپ پاکستان میں ترقی کا انقلاب لا سکیں۔ شہباز شریف نے بتایا کہ اگر نوجوان نسل کو مواقع دیے جائیں تو ماضی کے نقصانات کا خاتمہ ہو جائے گا اور پاکستان کی طرف کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکے گا، اس سفر میں کامیابیاں اور ناکامیاں دونوں ہیں، اگر پاکستان کو کسی نے جوڑا ہوا ہے تو وہ 1973 کا آئین ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا آئین قومی وحدت کا نشان ہے، ہم تمام مشکلات کے باوجود ایٹمی طاقت بنے، قیامت تک دشمن میلی آنکھ سے ہمیں دیکھ نہیں سکتا، ہمارے بزرگوں نے قربانیاں دے کر دہشتگردی کے ناسور کو دفن کیا، مگر کوتاہیوں کی وجہ سے دہشتگردی دوبارہ واپس آ گئی ہے۔ وزیر اعظم کے مطابق ہم خلیج ممالک کے لیے گرین مارکیٹ تھے لیکن ہم اس سے فائدہ حاصل نہ کر سکے، جہاں ہمیں کامیابی ملی وہیں آج پی آئی اے کی نجکاری کرنی پڑ رہی ہے، پاکستان کے 5 سالہ ترقی کے منصوبے کو کاپی کیا گیا، ہمیں معیشت کو ٹھیک کرنا ہے اور نوجوان کی ترقی کے لیے اگر ترقیاتی فنڈ سے تمام وسائل نکال کر نچھاور کروں تو وہ کم نہیں ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے دور میں لیپ ٹاپس دیے گئے میرٹ پر، پنجاب انڈاؤمنٹ فنڈ سے 22 ارب روپے کے وظائف لاکھوں بچوں کو میرٹ پر دیے گئے، میرا ایمان ہے جو بھی ہوگا ہم نوجوان نسل کی تعمیر کریں گے، اسمال میڈیم انٹرپرائز میں نوجوانوں کو آنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک زمانے میں مشرقی پاکستان ہمارا حصہ تھا مگر پھر وہ جدا ہو گیا لیکن جس شخص نے پاکستان کے خلاف تحریک چلائی اور کہا کہ دو قومی نظریہ ختم ہو چکا تو آج دیکھیں ان کے مجسموں کے ساتھ کیا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے کابینہ کو کہا کہ بجلی چیلنج ہے، ہم نے 200 یونٹ والوں کو 50 ارب کی سبسڈی دی تاکہ ان کو ریلیف ملے، آج پاکستان کو تقسیم کی نہیں اتحاد کی ضرورت ہے۔

بقیہ 33

لیے ناگزیر ہے۔ غزہ میں جاری انسانیت سوز مظالم فلسطین عوام کی نسل کشی کے مترادف ہیں۔ جنگ کسی بھی مسئلے کا حل نہیں ہے دنیا میں تمام تر تنازعات کو بات چیت اور گفت وشنید کے ذریعے حل کیا جا سکتا ہے۔ غزہ میں فوری جنگ بندی کیلئے اقوام عالم کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ اسپیکر نے موسمیاتی تبدیلیوں کے تباہ کن اثرات سے ہونے والے نقصانات پر بات کرتے ہوئے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثر ہونے والے ممالک میں پاکستان صفِ اول میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا زہریلی گیسوں کے اخراج میں حصہ نا ہونے کے برابر ہے لیکن اس کے باوجود پاکستان کو گزشتہ کئی سالوں سے درجہ حرارت میں مسلسل اضافے اور شدید بارشوں کی وجہ سے تباہ کن سیلابوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عالمی موسمیاتی تبدیلی کے مسئلے پر عالمی سطح پر اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیلاروس کے شہر منسک میں جمہوریہ بیلاروس کے صدر الیگزینڈر لوکاشینکو سے ملاقات کے دوران کیا۔ اسپیکر نے دونوں ممالک کے درمیان خوشگوار تعلقات پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور بیلاروس کے مابین مشترکہ مفادات پر مبنی دوستانہ تعلقات میں ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ پاکستان اور بیلاروس کے دوطرفہ تعلقات باہمی اعتماد اور احترام پر مبنی ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں توانائی اور تجارت کے شعبوں میں وسیع مواقع موجود ہیں۔ دوطرفہ تعاون کو فروغ دینے سے پاکستان اور بیلاروس کے درمیان اقتصادی، صنعتی اور زراعت کے شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ ملے گا۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ہونے والی ملاقات کے دوران دوطرفہ تعلقات اور پارلیمانی سطح پر رابطوں اور تجارت کو بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں نے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا بھی اظہار کیا۔ بیلاروس کے صدر لوکاشینکو نے کہا کہ بیلاروس پاکستان کے ساتھ اپنے قریبی تعلقات کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ صدر نے پاکستان کے ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے کا اہم ملک ہے اور بیلاروس پاکستان کے ساتھ اپنے قریبی دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے پاکستان کے پارلیمانی وفد کے دورہ بیلاروس کو دونوں ممالک کے درمیان رابطوں کے فروغ اور دوطرفہ پارلیمانی تعاون کو بڑھانے میں اہم سنگ میل قرار دیا۔

بقیہ 34

سے دعا کی کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی مغفرت فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے بھی اس واقعے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے حادثے میں جان بحق ہونے والوں کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے زخمیوں کی جلد صحتیابی اور غمزدہ خاندانوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی دعا کی۔

بقیہ 35

وال کا نام سوشل میڈیا نے دیا ہے ڈبلیو ایم ایس کی تکنیکی معلومات کے بارے میں حکومت سے پوچھا جائے ہمیں حکومت نے حکم دیا ہے جس پر ہم عمل کر رہے ہیں، ہر ملک نے سوشل میڈیا کے لیے سسٹم لگایا ہوا ہے۔ کمیٹی ارکان نے وزارت سے ڈبلیو ایم ایس سسٹم کی تکنیکی معلومات کے حوالے سے بریفنگ مانگ لی۔ فائر وال کے حوالے سے گفتگو کرنے پر رکن ذوالفقار علی بھٹی نے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب پر ذاتی حملے شروع کر دیئے اور فائر وال سے توجہ ہٹانے کی بھرپور کوشش کی جس پر چیئرمین کمیٹی امین الحق نے کہا ہے کہ کسی ایپ و انٹرنیٹ پر پابندی سے ترقی کا عمل رکتا ہے پابندیوں کے خلاف ہیں۔ کمیٹی نے سی ای او پی ٹی سی ایل اور سربراہ ایس سی او کی کمیٹی میں عدم شرکت پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے بریفنگ موخر کر دی۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی کا اجلاس چیئرمین امین الحق کی زیرِ صدارت ہوا۔ پی ٹی سی ایل کے سی ای او نہ آنے پر کمیٹی نے شدید برہمی کا اظہار کیا کمیٹی نے کہا کہ اگلے اجلاس میں وہ لازمی کمیٹی میں شرکت کریں۔ کمیٹی نے ایس سی او کے سربراہ کی عدم حاضری پر برہمی کا اظہار کیا چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ ان کو آنا چاہیں کمیٹی کو بھی نہیں بتایا گیا ہے۔ عمر ایوب نے کہا کہ یہ سب کمیٹی کو جواب دے ہیں۔ اس کمیٹی سے کوئی بالاتر نہیں ہے، اگر وہ بغیر بتائے نہیں آتے تو کمیٹی کا خرچ ان سے لیا جائے۔ کمیٹی ارکان نے متفقہ طور پر ایس سی او کی طرف سے بریفنگ موخر کر دی۔

بقیہ 36

''پاکستان نیشنل اربن اسسمنٹ'' کے عنوان سے ایک رپورٹ میں بینک نے دعویٰ کیا کہ پاکستان کا ناکافی ٹیرف نظام ایک پیچیدہ مسئلہ ہے جو ڈسکوز کی مالی استحکام کو نقصان پہنچا رہا ہے، یہ خاص طور پر دیہی علاقوں میں ڈسکوز کی کارروائیوں کو متاثر کرتا ہے، جہاں 50 سے 70 فیصد ملازمین اپنا بل ادا نہیں کرتے، جس کی ایک وجہ ادائیگی نہ کرنے کی سکت سمیت بلنگ اور وصولی میں بے ضابطگیوں بنیادی وجوہات ہیں۔ بینک کے مطابق اسٹے آرڈرز جاری کرنے سے قانونی طریقہ کار میں ایک سال کے لیے تاخیر ہو رہی ہے اور میٹر میں چھیڑ چھاڑ اور متعلقہ آرڈیننس کے مجرموں کو محض ایک مقررہ جرمانہ ادا کرنے کی اجازت دے کر عدالتیں اس مسئلے کو مزید پیچیدہ بنا دیتی ہیں۔ بینک کے مطابق صرف نجکاری کے الیکٹرک ہی مالی طور پر پائیدار ہے، کمپنی کو کافی نقصان اٹھانا پڑتا تھا لیکن نجکاری کے بعد اس کی بحالی ہوئی اور اس کے بعد سے وہ اپنے ریونیو کی وصولی سے کام کر رہی ہے۔ بینک کے مطابق کافی مزاحمت کے باوجود اس نے اپنے 6,500 کلومیٹر کے وسیع سروس ایریا میں کامیابی حاصل کی ہے، جو کراچی سے آگے سندھ اور بلوچستان کے پانچ اضلاع تک جاتا ہے، جس سے بجلی کی چوری میں کمی آئی ہے۔ بینک کے مطابق لوڈ شیڈنگ کے ذریعے اس نے غیر قانونی کنکشنز سے ہونے والے نقصانات پر قابو پا لیا ہے جو اب بھی کچھ علاقوں میں موجود ہیں، کے الیکٹرک کی جانب سے پیش کیے گئے کامیاب ماڈل کے باوجود، سیاسی مسائل اور ٹریڈ یونینوں کی شدید مزاحمت نے دیگر ڈسکوز کی نجکاری کو روک دیا ہے۔

بقیہ 37

جازی کی بازی ہار گئیں۔ افسوس ناک واقعے میں خواتین سمیت 7 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں، علاقہ دور دراز ہونے کی وجہ امدادی کاموں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق دوسری جانب جاں بحق اور زخمیوں کو خلیفہ گل نواز اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 38

میں ریلیف دے سکتے ہیں۔ عوام کے مسائل حل کرنا انتظامیہ کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان نے متعلقہ حکام کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کے مسائل کا حل اور انہیں فوری انصاف کی فراہمی پنجاب حکومت کی اولین ترجیحات ہیں۔ پنجاب اسمبلی کے دروازے عوام کے لئے کھلے ہیں، ہر ممکن کوشش ہے کہ عوام کے مسائل حل ہوں۔ بعد ازاں قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان نے ایران میں پاکستانی زائرین کی بس کو حادثے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان نے جاں بحق ہونے والوں کے لیے دعائے مغفرت کی۔

بقیہ 39

کریک ڈاؤن مزید تیز کیا جائے۔ سنگین جرائم کی بیخ کنی میں تفتیشی مہارت کے ساتھ ساتھ جدید ٹیکنالوجی کا موثر استعمال یقینی بنایا جائے۔ شہر میں امن وامان کیلئے اشتہاریوں اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کیلئے موثر حکمت عملی اپناتے ہوئے کارروائی عمل میں لائی جائے۔ سٹی پولیس آفیسر نے مزید کہا کہ فیصل آباد میں منظم و سنگین جرائم کے خاتمے میں آرگنائزڈ کرائم یونٹ کا کلیدی کردار ہے عوام کی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 40

لوگ پوچھ رہے تھے کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کب شروع کر رہے ہیں۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ سیکرٹری ہاسنگ کیپٹن اسد اور ڈی جی پھاٹا سیف انور جپہ نے ہماری توقعات سے بڑھ کر کام کیا۔ کیپٹن اسد نے میرے ویژن سے ایک قدم آگے جا کر اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کو کامیاب بنایا۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت تین سکیموں میں پر جلد عملدرآمد شروع ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کا سب سے زیادہ انتظار جس کو تھا وہ محمد نواز شریف ہیں۔ محمد نواز شریف نے اپنے دور میں ہاریوں کو زمین دی جس کے نہایت مثبت اثرات مرتب ہوئے۔ محمد نواز شریف اکثر کہتے ہیں کہ کسی کو اپنی چھت دے دو، اپنا گھر دے دو تو اس سے بڑھ کر کون سی خدمت ہے۔ پنجاب کے عوام کو خوشخبری دیتی ہوں کہ اپنا گھر بنانے کے لئے شہری علاقے میں ایک سے پانچ مرلے اور دیہات میں ایک سے 10 مرلے تک کے زمین کے مالک کو 15 لاکھ روپے قرض دیا جائے گا۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت 7 سال کی آسان اقساط میں قرض ادا کرنا ہوگا۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت قرض حاصل کرنے کے پہلے تین ماہ ایک پیسہ تک نہیں دینا ہوگا۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت قرض حاصل کرنیوالوں کو زیادہ سے زیادہ 14 ہزار روپے قسط ادا کرنی ہوگی۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کے تحت قرض پر کوئی سود نہیں، کوئی پوشیدہ چارجز نہیں اور کوئی سروس چارجز نہیں۔ عام آدمی کے گھر کے ماہانہ بجٹ میں کچن کی اشیا، ادویات، فیسیں، بل شامل ہوتے ہیں جن کی وجہ سے بہت مشکل ہوتی ہے۔ پنجاب کی عوام کو بجلی کے بلوں کی مد میں 45 سے 50 ارب روپے کا ریلیف دے رہے ہیں۔ تاریخ کا سب سے بڑا سولر پراجیکٹ لا رہے ہیں تاکہ اگلے سال بلوں کا مسئلہ ہی نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک خاتون نے سوال کیا کہ آپ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کب لا رہے ہیں، کتنا قرضہ دیں گے، کتنا سود دینا پڑے گا، کتنے عرصے میں ادا کرنا پڑے گا۔ خاتون کو جواب دیا کہ 15 لاکھ روپے دیں گے، کوئی سود نہیں ہوگا، 7 سال میں ادا کرنا ہوگا، 14 ہزار روپے قسط ہوگی اور پہلے تین ماہ کوئی قسط نہیں ہوگی۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام میں اپلائی کے پروسیس کو آسان کر دیا گیا ہے۔ جو ٹیکنالوجی سے واقف نہیں ان کے لئے ایک نمبر جاری کر دیا ہے، جو 080009100 پر کال کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کی ہیلپ لائن 080009100 آج ہی فنکشنل ہو جائے گی۔

بقیہ 41

فارم ''زندگی'' اس پروگرام کی ڈیجیٹائزیشن کرے گا۔ اس ضمن میں پنجاب کی 8 ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں اور "زندگی" کے درمیان ایم او یوز پر دستخط کئے گئے ہیں۔ ہر ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سی ای او نے اپنے ادارے جبکہ زندگی کی جانب سے چیف بزنس آفیسر عاطف اسحاق نے زندگی کی جانب سے دستخط کئے۔ ایم او یوز کی تقریب کے مہمان خصوصی وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق تھے۔ سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ آسیہ گل، سی ای او لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بابر صاحب دین اور سی ای او زندگی نعمان اظہر نے بھی شرکت کی۔ معاہدے کے تحت ''زندگی جے ایس بینک''، ستھرا پنجاب کی ایپ بلا معاوضہ تیار کرے گا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ محکمانہ اور دیگر امور کی ڈیجیٹائزیشن وقت کی ضرورت ہے۔ مجھے محکمہ لوکل گورنمنٹ اور زندگی کے درمیان ہونے والے ایم او یوز پر بہت خوشی ہوئی۔ جس کے تحت ''زندگی'' پورے پنجاب میں آؤٹ سورسنگ کے حوالے سے سروے جیسا مشکل کام کرے گا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام وزیر اعلی مریم نواز شریف کا فوکس ہے۔

بقیہ 42

پی ٹی آئی 190 ملین پاؤنڈ کے کیس کا جواب دے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات نے کہا کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے ایسے بیانات سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ شدید پریشانی اور تذبذب کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی نے فیض حمید کیس کو فوج کا انٹرنل معاملہ نہ قرار دے کر ثابت کر دیا کہ فیض حمید واقع ہی بانی چیئرمین کا اثاثہ تھے۔ انہوں نے کہا کہ بانی چیئرمین فیض حمید کو کبھی اثاثہ، کبھی ہیرو اور کبھی زیرو کہتے ہیں جس سے لگتا ہے کہ وہ ذہنی طور پر کافی پریشانی کا شکار ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ فیض حمید کیس میں بھی یہی پتہ چلتا ہے کے بانی چیئرمین پی ٹی آئی لوگوں کو استعمال کر کے پھینکنے میں کوئی ثانی نہیں رکھتے، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو محسن کشی میں مہارت حاصل ہے۔

بقیہ 43

برابر کے شریک ہیں اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ اسپیکر کی اللہ تعالیٰ سے مرحومہ کے درجات بلندی اور میاں رضا ربانی سمیت ان کے خاندان کے دیگر افراد کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کے لیے صبر جمیل عطاء فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ 44

گزار کے وکیل طارق منصور ایڈووکیٹ نے عدالت میں مؤقف اختیار کیا کہ 6 ہفتوں بعد درخواست غیر مؤثر ہو جائے گی، آئین میں نائب وزیر اعظم کا کوئی عہدہ نہیں ہے، اسحاق ڈار کو 90 لاکھ روپے کے مساوی مراعات ملیں گی، آئین میں وزیر اعظم اور نگراں وزیر اعظم کے عہدے کے علاوہ ایسا کوئی عہدہ نہیں ہے۔ جسٹس یوسف علی سعید نے استفسار کیا کہ کیا 6 ہفتوں بعد نائب وزیر اعظم کی تقرری ختم ہو جائے گی؟ فوری درخواست کی سماعت پر نوٹس کر دیا ہے، اگلی تاریخ پر کیس کا جائزہ لیں گے۔ سرکاری وکیل نے عدالت کو بتایا کہ اسی نوعیت کی درخواستیں پشاور اور لاہور ہائی کورٹس سے مسترد ہو چکی ہیں۔

بقیہ 45

گا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ کا اجلاس ہوا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بعض حلقوں میں عالمی مالیاتی فنڈ پروگرام سے متعلق غلط معلومات پھیلائی جا رہی ہیں، ستمبر میں آئی ایم ایف ایگزیکٹو بورڈ سے پروگرام کی منظوری کی امید ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ بات چیت کا عمل جاری ہے اور عالمی مالیاتی فنڈ کے ساتھ جو معاملات طے ہیں ان پر کام جاری ہے جب کہ حکومت آئی ایم ایف کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے کام کر رہی ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی خزانہ نے 2 حکومتی بلز کی منظوری موخر کر دی، سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ اس طرح بل کی منظوری ناممکن ہے، کوئی بھی بل سینیٹ یا قومی اسمبلی میں پیش کئے بغیر کمیٹی میں نہیں آ سکتا۔ سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ نگران حکومت میں سینیٹ میں پیش ہونے والے بل کی کوئی حیثیت نہیں، نگران حکومت کو قانون سازی کا کوئی حق نہیں ہے۔ بعد ازاں، وزارت قانون کے ڈپٹی ڈرافٹس مین نے فاروق ایچ نائیک کے موقف کی تائید کی۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ آئی ایم ایف کو اکتوبر تک اس قانون سازی کی یقین دہانی کرائی گئی ہے، جس پر چیئرمین کمیٹی سلیم مانڈوی والا نے کہا کہ پہلے قومی اسمبلی اور پھر سینیٹ میں بل پیش کریں۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ نگراں دور حکومت میں ڈیپازٹ پروٹیکشن ترمیمی بل پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا جس پر سینیٹر فاروق نائیک نے کہا کہ نگراں حکومت میں غیر آئینی طور پر یہ بل پارلیمنٹ میں پیش کیا گیا، وزارت خزانہ دوبارہ بل جمع کرائے، بل کو پارلیمنٹ میں پیش کیا جائے۔ خزانہ کمیٹی نے ایف بی آر میں گزشتہ 2 برس کے دوران او ایس ڈی کیے گئے افسران کا ایجنڈا ان کیمرا کر دیا۔

بقیہ 46

سینیٹر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت ہوا، جس میں رکن کمیٹی سینیٹر محسن عزیز نے 5 ہزار روپے کا نوٹ ختم کرنے کی تجویز پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ 5 ہزار روپے کا نوٹ کرپشن سمیت دیگر مسائل کی وجہ بن رہا ہے، 5 ہزار روپے کا نوٹ ختم ہونا چاہیے، یہ معاملہ پارلیمنٹ میں بھی اٹھایا تھا، پانچ ہزار روپے کا نوٹ اگر بند کر دیا تو یقین دلاتا ہوں مارکیٹ میں یہ نوٹ تین ہزار کا فروخت ہوگا۔ گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے واضح کیا کہ 5 ہزار روپے کے نوٹ ختم کرنے کی ابھی کوئی تجویز زیر غور نہیں ہے، اس حوالے سے پہلے بھی تجاویز آتی رہی ہیں مگر انہیں تسلیم نہیں کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ابھی ہم جو نئے ڈیزائن کے نوٹ لانے جا رہے ہیں اس میں بھی پانچ ہزار روپے کا نوٹ شامل ہے، پلاسٹک کے نئے نوٹ لانے کے لیے کابینہ سے منظوری لی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پلاسٹک کرنسی کے لیے دیکھا جائے گا کہ اس کی عمر کیا ہے، فی نوٹ لاگت کیا ہے، یہ بھی دیکھا جائے گا کہ پلاسٹک کرنسی کے لیے سیکیورٹی فیچر کس قدر پائیدار اور طویل ہیں۔ جمیل احمد نے کہا کہ ابھی ٹیسٹ کے لیے ابتدائی طور پر ایک نوٹ پلاسٹک کرنسی میں متعارف کروانا چاہ رہے ہیں، اگر یہ نوٹ پائیدار ہوئے اور سیکیورٹی فیچر لانگ ٹرم ہوئے تو ہم متعارف کروائیں گے ورنہ یہ شاید قابل عمل نہ ہو۔

بقیہ 47

ہوئے ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق امدادی ٹیمیں زخمیوں اور لاشوں کو بس سے نکالنے میں مصروف ہیں جبکہ اسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے۔ دوسری جانب مولانا قمر عباس نقوی کا کہنا ہے کہ تمام زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، بس میں 14 خواتین سمیت 50 افراد سوار تھے۔ مولانا قمر عباس نقوی کے مطابق بس لاڑکانہ سے روانہ ہوئی تھی، جاں بحق افراد کا تعلق لاڑکانہ سے بتایا جا رہا ہے۔ اطلاعات کے مطابق مسافروں میں سے بیشتر کا تعلق لاڑکانہ، گھوٹکی اور سندھ کے دیگر شہروں سے ہے۔ ابتدائی رپورٹس سے پتا چلتا ہے کہ بس کو حادثہ بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا، زخمیوں کو قریبی ہسپتال میں منتقل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 48

آمنہ عروج کے میڈیکل کے لیے درخواست پر سماعت ہوئی، جسٹس طارق سلیم شیخ نے آمنہ عروج کی والدہ زینت بی بی کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں آئی جی جیل خانہ جات اور سپرینٹنڈنٹ کورٹ لکھپت جیل کو فریق بنایا گیا، عدالت میں استدعا کی گئی کہ آمنہ عروج کو جسمانی ریمانڈ کے دوران پولیس کی جانب سے شدید جسمانی اور ذہنی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ استدعا کی گئی کہ تشدد کے باعث آمنہ عروج شدید اندرونی و بیرونی چوٹوں کا شکار ہیں، آمنہ عروج کو عدالت کے روبرو پیش کرنے اور میڈیکل کروانے کا حکم جاری کیا جائے۔ دوران سماعت عدالت میں آمنہ عروج کی ابتدائی میڈیکل رپورٹ جمع کروائی گئی جس کے مطابق آمنہ عروج کی دونوں ٹانگوں پر تشدد کے نشانات پائے گئے اور تین انجریز ہیں۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ آمنہ عروج کی دو سے تین انجریز زیر غور ہیں۔ میڈیکل رپورٹ میں کہا گیا کہ مکمل میڈیکل کے لیے ملزمہ آمنہ عروج کا ایکسرے اور دیگر ٹیسٹ کروائے جائیں۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے پوچھا کہ اس میں کتنا وقت لگ سکتا ہے؟ جس پر اے ایم ایس ڈاکٹر فراز نے کہا کہ تین سے چار دن لگیں گے، میڈیکل رپورٹ مکمل کر دیں گے۔ عدالت نے میڈیکل مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے سماعت 27 اگست تک ملتوی کر دی۔ واضح رہے کہ ملزمہ آمنہ عروج نے دوران تفتیش کرنٹ لگانے کا انکشاف کیا تھا تاہم ڈاکٹرز نے کرنٹ لگانے سے متعلق آمنہ عروج کے بیان سے اتفاق نہیں کیا۔

بقیہ 49

صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر اظہار افسوس کرتے ہوئے جاں بحق افراد کے لئے دعائے مغفرت اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ صدر مملکت نے وزارت خارجہ کو میتوں کو پاکستان لانے اور زخمیوں کو بروقت امداد پہنچانے کی ہدایت بھی کی۔

بقیہ 50

یعنی 4.50 روپے فی شیئر کی بھی منظوری دی۔ اس کے علاوہ، کمپنی کے شیئر ہولڈرز نے مالی سال 2023-24 کے لیے میسرز اے ایف فرگون، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ، کی بطور آڈیٹرز تقرری کی منظوری بھی دے دی۔ چیئرمین، محمد اسماعیل قریشی نے شیئر ہولڈرز کو بتایا کہ کمپنی نے مالی سال 2022-23 کے دوران سخت چیلنجز کے باوجود نمایاں پیش رفت حاصل کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کمپنی کی منافع 10.36 ارب روپے سے بڑھ کر 10.56 ارب روپے تک پہنچ گئی ہے، جو کہ ایک متحرک ریگولیٹری ماحول میں کمپنی کی استقامت کو ظاہر کرتی ہے۔ انہوں نے اس مستحکم منافع کی بنیاد میں شامل اہم عوامل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ متعدد شعبوں میں اسٹریٹیجک آپریشنل بہتری، خصوصاً غیر حساب شدہ گیس (یو ایف جی) کے نقصانات میں کمی، شامل ہیں۔ یو ایف جی نقصانات 5.58% سے کم ہو کر 5.15% تک پہنچ گئے، جس کے نتیجے میں 5.9 بی سی ایف گیس اور تقریباً 6 ارب روپے کی مالی بچت ہوئی۔ آپریشنل بہتری اور تکنیکی ترقی پر روشنی ڈالتے ہوئے، چیئرمین نے کہا کہ کمپنی نے آپریشنل صلاحیت اور ڈیجیٹائزیشن کے اقدامات میں نمایاں پیش رفت کی۔

بقیہ 51

کر کے ملکی خزانے کو بوجھ سے بچانا ہے، قومی خزانے کو پہلے ہی بہت نقصان ہو چکا اب مزید مالی دباؤ کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ اداروں کی نجکاری انتہائی اہم معاملہ ہے جس میں شفافیت کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے گا۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے مزید کہا کہ ہمیں وسیع تر قومی مفاد میں بہتر سے بہتر اور ٹھوس و دیرپا فیصلے کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی ادارہ قواعد وضوابط پر پورا اترے اسے نجکاری کے عمل میں ضرور شامل کیا جائے۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے پرائیویٹائزیشن کمیشن بورڈ کی اب تک کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے عالمی معیار کے حامل اداروں سے فنانشل ایڈوائزرز کی شمولیت کو خوش آئند قرار دیا۔

بقیہ 52

کی پارلیمانوں میں رابطوں کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی سطح پر رابطوں میں فروغ دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بیلاروس کے دارالحکومت منسک میں بیلاروس کے ایوان نمائندگان کے اسپیکر ایگور سرگینکو سے ہونے والی ملاقات کے دوران کیا۔ اس موقع پر اسپیکر قومی اسمبلی کی سربراہی میں بیلاروس کا دورہ کرنے والے پارلیمانی وفد میں اراکین قومی اسمبلی بھی موجود تھے۔ اسپیکر نے پارلیمانی سفارتکاری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی سفارتکاری دونوں ممالک کے اراکین پارلیمنٹ کے مابین ہم آہنگی کو فروغ دینے اور دونوں اقوام کو قریب لانے کیلئے انتہائی اہمیت کی حامل ہے۔

پاکستان 2 دہائیوں سے دہشتگردی کیخلاف تنہا جنگ لڑ رہا ہے، صدرِ مملکت

پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں لازوال قربانیاں دیں

پاکستان 2 دہائیوں سے دہشتگردی کیخلاف تنہا جنگ لڑ رہا ہے: متاثرین دہشت گردی کے عالمی دن پر دہشت گردی کے تمام متاثرین کو خراجِ عقیدت پیش

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جس نے کامیابی سے دہشت گرد قوتوں پر قابو پایا، پاکستان دو دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف تنہا جنگ لڑ رہا ہے۔ متاثرینِ دہشت گردی کے عالمی دن پر دہشت گردی کے تمام متاثرین کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے صدرِ مملکت آصف علی زرداری (بقیہ نمبر 29)

فیض حمید ٹرائل کا بتانے والے عمران کون ہوتے ہیں؟، سکیورٹی ذرائع

عمران خان نے لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ فیض حمید کے اوپن ٹرائل کا مطالبہ کیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان نے سابق ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) انٹر سروسز انٹیلی جنس (آئی ایس آئی) لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ فیض حمید کے اوپن ٹرائل کا مطالبہ کیا ہے جس پر سکیورٹی ذرائع نے سخت ردعمل دیتے ہوئے (بقیہ نمبر 28)

ستھرا پنجاب پروگرام کو ڈیجیٹائز کرنے کیلئے معاہدے پر دستخط

معاہدے کے تحت ''زندگی جے ایس بینک'' ستھرا پنجاب کی ایپ بلامعاوضہ تیار

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ''ستھرا پنجاب'' پروگرام کی کامیابی کی جانب اہم پیشرفت ہوئی ہے جس کے تحت جے ایس بینک کا آئی ٹی پلیٹ فارم ''زندگی'' اس پروگرام کی ڈیجیٹائزیشن کرے گا۔ اس ضمن میں پنجاب کی 8 ویسٹ مینجمنٹ (بقیہ نمبر 15)

تیز رفتار ٹریلر کی کھڑے ٹریلر سے ٹکر، 3 افراد جاں بحق، ایک زخمی

ٹریلر میں آگ لگ گئی تھی، جھلس کر ڈرائیور سمیت 3 افراد جاں بحق ہوئے

بہاولپور (این این آئی) بہاولپور میں ڈیرہ بکھا ٹول پلازہ پر تیز رفتار ٹریلر کھڑے ٹریلر سے ٹکرا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق حادثے میں 3 افراد جھلس کر جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہو گیا۔ حکام نے بتایا کہ حادثے کے بعد ایک ٹریلر میں آگ لگ گئی تھی، آگ سے جھلس کر ڈرائیور سمیت 3 افراد جاں بحق ہوئے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ لاشوں اور زخمی شخص کو بہاول وکٹوریہ اسپتال منتقل کر دیا ہے۔

190 ملین پاؤنڈ کیس، ٹرائل کورٹ کو حتمی فیصلہ نہ سنانے کا حکم امتناع ختم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وزیراعظم عمران خان کی 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں قومی احتساب بیورو (نیب) کا پرانا ریکارڈ فراہم کرنے اور ٹرائل روکنے کی درخواست پر ٹرائل کورٹ کو حتمی فیصلہ نہ سنانے کا حکم امتناع ختم کر دیا۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب اور جسٹس بابر ستار نے سابق وزیراعظم عمران خان کی کیس بند کرنے کے قومی احتساب بیورو (نیب) کے پرانے فیصلے کی ریکارڈ فراہمی اور ٹرائل روکنے کی درخواست پر سماعت کی۔ بعدازاں عدالت نے درخواست منظور کرتے ہوئے ریکارڈ پیش کرنے کا حکم دے دیا، اس پر نیب نے 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس بند کرنے کے پرانے فیصلے کا ریکارڈ عدالت میں پیش (بقیہ نمبر 20)

پرویز الٰہی سے متعلق غیر ضروری درخواست، نیب پر 2 لاکھ روپے جرمانہ

ہائیکورٹ کے 2 رکنی بینچ نے نیب کی درخواست غیر ضروری قرار دے کر خارج کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب و تحریک انصاف کے مرکزی رہنما چودھری پرویز الٰہی سے متعلق غیر ضروری درخواست پر نیب پر 2 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے نیب کی درخواست غیر ضروری قرار دے کر خارج کر دی۔ عدالت نے پرویز الٰہی سے متعلق غیر ضروری درخواست دائر کرنے پر 2 لاکھ روپے جرمانہ عائد کر دیا۔

ایڈیشنل سیشن جج پر مسجد میں داخل ہوتے فائرنگ، زخمی، ہسپتال منتقل

ایڈیشنل سیشن جج کو زخمی حالت میں ٹراما سینٹر ہری پور سے ایبٹ آباد ریفر کر دیا گیا ہے

ہری پور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے شہر ہری پور میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے اپر و لوئر کوہستان کے ایڈیشنل سیشن جج محمد فرید زخمی ہو گئے۔ اطلاعات کے مطابق پولیس نے بتایا کہ چھوہر شریف میں ایڈیشنل سیشن جج محمد فرید کو نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ ایڈیشنل سیشن جج کو زخمی حالت میں ٹراما سینٹر ہری پور سے ایبٹ آباد ریفر کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق علاقے کی ناکہ بندی کر کے ملزمان کی (بقیہ نمبر 22)

سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں

مرحومہ کی نماز جنازہ ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی فیز 3 لاہور میں ادا کی گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی کی ہمشیرہ لاہور میں انتقال کر گئیں۔ پیپلز پارٹی کے رہنما اور وزیراعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی وقار مہدی نے کہا ہے کہ مرحومہ کی نماز جنازہ ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی فیز 3 لاہور میں بعد نماز ظہر ادا کی گئی اور بعدازاں آبائی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی موجودگی میں ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں اور جے ایس بینک کے پلیٹ فارم ''زندگی'' کے درمیان ایم او یو پر دستخط کیے جا رہے ہیں

جے یو آئی اور پی ٹی آئی کے درمیان اتحادی سیاست کا باب بند

فضل الرحمان جو اسمبلیوں کو فروخت شدہ اور خریدی ہوئی اسمبلیاں قرار دیتے آئے ہیں اور آج بھی اپنے اس موقف پر قائم ہیں

اسی موقف کی بنیاد پر انہوں نے اسمبلیوں کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا تھا تاہم اب ان کا کہنا ہے کہ ہم پارلیمنٹ کے اندر بھی اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) مولانا فضل الرحمان نے اپوزیشن اور مزاحمت کیلئے اتحادی سیاست کو خیرباد کہتے ہوئے سولو فلائٹ کا فیصلہ کر لیا۔ اپنی سٹریٹ پاور سے اتحادیوں کو طاقت نہیں دیں گے وہ اتحادوں کی سیاست سے اس سطح تک مایوسی کا اظہار کر رہے ہیں کہ ماضی قریب کی اتحادی سیاست کے حوالے سے یہ کہنے پر مجبور ہو گئے ہیں کہ نہ تو ہم مزید کسی کو شرمندہ کرنا چاہتے ہیں اور نہ ہی خود ہونا چاہتے ہیں، تاہم وہ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ ایشوز ٹو ایشوز پر دیگر سیاسی جماعتوں سے بات چیت کے بعد اتحاد ہو سکتا ہے۔ مولانا فضل الرحمان جو موجودہ اسمبلیوں کو فروخت شدہ اور خریدی ہوئی اسمبلیاں قرار دیتے آئے ہیں اور آج بھی اپنے اس موقف پر قائم ہیں، اسی موقف کی بنیاد پر انہوں نے اسمبلیوں کے بائیکاٹ کا فیصلہ کیا تھا تاہم اب ان کا کہنا ہے کہ ہم پارلیمنٹ کے اندر بھی اپوزیشن کا کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے ڈیرہ اسماعیل خان میں مقامی میڈیا سے جو گفتگو کی ہے وہ اس صورتحال کی غمازی کرتی ہے کہ بادی النظر میں انہوں نے رواں ماہ کے آغاز پر پیش آنے والی اہم گرفتاریوں کے بعد پیدا ہونے والی صورتحال کی روشنی میں کچھ اعلانیہ اور غیر اعلانیہ فیصلے کیے ہیں۔ اس طرح پاکستان تحریک انصاف سے ان کی اتحادی سیاست کا باب (بقیہ نمبر 23)

مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں 8 ارب ڈالر بیرونی قرضہ ادا کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے گزشتہ مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں 8.086 ارب ڈالر کے بیرونی قرضہ کی ادائیگی کی ہے۔ وزارت اقتصادی امور کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ سال جولائی سے لیکر رواں سال مارچ کے اختتام تک غیر ملکی قرضہ کی مد میں حکومت نے مجموعی طور پر 8.086 ارب ڈالر کی ادائیگی کی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق اصل زر کی صورت میں 5.363 ارب ڈالر اور سود کی مد میں 2.723 ارب ڈالر کی ادائیگی کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ مالی سال کے پہلے 9 ماہ میں بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کو 1.700 ارب ڈالر، سعودی عرب کو 1.153 ارب ڈالر، ایشیائی ترقیاتی بینک 1.033 ارب ڈالر، عالمی بینک کو 905 ملین ڈالر کی ادائیگی کی گئی۔ چین کو 423 ملین ڈالر، غیر ملکی کمرشل بینکوں کو 343 ملین ڈالر، بانڈز 331 ملین ڈالر، چین کے سیف ڈیپازٹس 236 ملین (بقیہ نمبر 24)

وزیر خوراک بلال یاسین اور سیکرٹری محکمہ اوقاف طاہر رضا بخاری پیر مکی دربار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بجلی کے بھاری بلوں سے تنگ انتظامیہ نے مسجد کی تالا بندی کر دی

اندرون شہر مسجد کی تالا بندی پر پولیس کی دوڑیں لگ گئیں

اہل علاقہ اور مدرسہ کے بچوں کی استدعا پر تالا بندی کو عارضی طور پر کھول دیا گیا

سرگودھا (این این آئی) بجلی کے بھاری بلوں سے تنگ مسجد انتظامیہ نے مسجد کی تالا بندی کر دی اور مساجد اور مدارس کے بلوں پر بجا ٹیکسوں کو ختم کر کے فوری ریلیف دینے کا مطالبہ کر دیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ طارق آباد میں بجلی کے بھاری بلوں سے تنگ مسجد انتظامیہ نے مسجد کی تالا بندی کر دی اور حکومت سے مساجد و مدارس کے بلوں پر ظالمانہ ٹیکسوں کو ختم کر کے فوری ریلیف دینے کا مطالبہ کر دیا۔ اندرون شہر مسجد کی (بقیہ نمبر 25)

موبائل وائی فائی موڈیم پر 11 فیصد ڈیوٹی عائد

کسٹمز کی درجہ بندی کمیٹی کے نتائج کی بنیاد پر کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ کراچی نے "موڈیمز" کی درآمد پر ڈیوٹی کی شرح جاری کی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے MiFi4G موڈیم اور موبائل وائی فائی موڈیم کی درآمد پر 11 فیصد کسٹم ڈیوٹی عائد کر دی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق کسٹمز کی درجہ بندی کمیٹی کے نتائج کی بنیاد پر کلکٹریٹ آف کسٹمز اپریزمنٹ (ایسٹ) کراچی نے ''موڈیمز'' کی درآمد پر ڈیوٹی کی شرح جاری کی۔ واضح رہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ (سنٹرل) لاہور کی غلط تشریح کے باعث ''موبائل وائی فائی موڈیم'' کی درآمد پر کسٹم قانون کے غیر قانونی اطلاق کی وجہ سے درآمد کنندگان کے لیے سنگین مسائل پیدا کر دیے۔ اس معاملے کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف پوسٹ کلیئرنس آڈٹ (سنٹرل) لاہور نے (بقیہ نمبر 26)

دنیا بھر میں متاثرین دہشت گردی کی یاد کا عالمی دن منایا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں متاثرین دہشت گردی کی یاد اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کا دن منایا گیا۔ اس دن کے حوالے سے صدر مملکت آصف علی زرداری نے تمام متاثرین دہشت گردی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام (بقیہ نمبر 27)

وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

فیض حمید کے بعد بیوروکریسی سے بھی لوگ گرفتار ہو سکتے ہیں

ججوں اور صحافیوں کے حوالے سے بھی بہت ساری چیزیں منظر عام پر آسکتی ہیں، یہ نیٹ ورک چھ سات سال سے کام کر رہا تھا

یہ نیٹ ورک عمران خان، جنرل فیض اور جنرل باجوہ کا سہولت کار تھا، سینئر صحافی و تجزیہ کار محمد مالک

کراچی (بیورو چیف) سینئر صحافی و تجزیہ کار عاصمہ شیرازی نے کہا ہے کہ فیض حمید کی گرفتاری کے بعد بیوروکریسی میں بھی بہت سارے لوگ ہیں جو گرفتار ہو سکتے ہیں، ججوں اور صحافیوں کے حوالے سے بھی بہت ساری چیزیں منظر عام پر آسکتی ہیں، یہ پورا نیٹ ورک چھ سات سال سے کام کر رہا تھا، یہ نیٹ ورک عمران خان، جنرل فیض اور جنرل باجوہ کا سہولت کار تھا۔ سینئر صحافی و تجزیہ کار محمد مالک نے کہا کہ اعلیٰ عدالتوں میں بہت بڑی تبدیلی ہو رہی ہے، عدلیہ اور اداروں کے درمیان تنازعہ حل نہیں ہوا، 9 مئی میں سخت فیصلے بھی آجائیں تو (بقیہ نمبر 28)

غیر نمونہ نمبر پلیٹ والی گاڑی کی رجسٹریشن کینسل کی جائے

کسی شہری کو گاڑی پر گھومنے والی لائٹ لگانے کی اجازت نہ ہوگی، عرفان میمن

اسلام آباد (این این آئی) ڈی جی ایکسائز نے کہا ہے کہ غیر نمونہ نمبر پلیٹ والی گاڑی کی رجسٹریشن کینسل کی جائے۔ ڈی سی ایکسائز اسلام آباد کی زیر صدارت محکمہ ایکسائز کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا جس میں ڈائریکٹر ایکسائز اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں گاڑیوں کی رجسٹریشن اور نمبر پلیٹس کے حوالے سے نئے قواعد کا جائزہ لیا گیا۔ ڈی جی ایکسائز نے کہا کہ غیر نمونہ نمبر پلیٹ والی گاڑی کی رجسٹریشن کینسل کی جائے۔ ڈی جی ایکسائز نے کہا کہ شہریوں کے لیے باعث تکلیف بننے والے بڑی لائٹس کے استعمال پر بھی گاڑی کی رجسٹریشن منسوخ ہوگی۔ عرفان میمن نے کہا کہ مخصوص سرکاری اداروں کے علاوہ کسی شہری کو گاڑی پر گھومنے والی لائٹ لگانے کی اجازت نہ ہوگی۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 29)

چیئرپرسن سی ایم ڈائریکٹوریٹ کمپلینٹ سیل کرائم سرویلنس یونٹ اسپکشن ٹیم اور سپیشل مانیٹرنگ یونٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاء الدین کا ہارٹیکلچر اتھارٹی کا دورہ کرنے کے بعد افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

اساتذہ کے تبادلوں کے لئے سنیارٹی نمبر کی شرط ختم

تبادلوں کی درخواستیں جمع کرانے میں صرف چند روز باقی رہ گئے ہیں

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بالآخر اساتذہ کے تبادلوں کے لئے سنیارٹی نمبر کی شرط ختم کر دی گئی۔ تبادلوں کی درخواستیں جمع کرانے میں صرف چند روز باقی رہ گئے ہیں، اساتذہ 31 اگست تک آن لائن درخواستیں جمع کروا سکیں گے۔ اساتذہ کی تعداد زیادہ ہونے کے باعث تبادلوں کی ایپ کا لنک ڈاؤن ہے۔ صوبائی وزیر تعلیم کی جانب سے آن لائن ایپ کا لنک بحال کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی۔ واضح رہے کہ اساتذہ کا اپلائی کرنے (بقیہ نمبر 16)

آسمانی بجلی گرنے سے مکان کی چھت منہدم، 2 خواتین جاں بحق

بنوں کی تحصیل ڈومیل کے علاقے خوڑ گئی موسی خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گر گئی

بنوں (این این آئی) بنوں میں گھر پر آسمانی بجلی گرنے سے مکان کی چھت منہدم ہو گئی، حادثے میں 2 خواتین جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق بنوں کی تحصیل ڈومیل کے علاقے خوڑ گئی موسی خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گر گئی، جس کے باعث مکان کی چھت گرنے سے 2 خواتین جاں بحق ہو گئیں۔ افسوس ناک (بقیہ نمبر 17)

اردن میں اسرائیل کے ڈرون حملے تباہ ہونے والی کار،

ناظم آباد میں تیز رفتار ٹینکر نے گرین لائن بس کا جنگلا توڑ دیا

حادثہ تیز رفتاری اور بریک فیل ہونے کی وجہ سے پیش آیا، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ناظم آباد نمبر 4 میں واٹر ٹینکر گرین لائن بس ٹریک کے جنگلے سے ٹکرا گیا۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ واٹر ٹینکر ٹکرانے سے گرین لائن بس کے ٹریک کا جنگلا ٹوٹ گیا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ حادثہ تیز رفتاری اور بریک فیل ہونے کی وجہ سے پیش آیا ہے۔

پاکستانی زائرین کی بس کو حادثہ، عمر ایوب کا اظہارِ افسوس

حادثے میں جاں بحق افراد کی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزبِ اختلاف عمر ایوب نے ایران میں پاکستانی زائرین کی بس کو حادثہ پیش آنے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ عمر ایوب خان نے بس حادثے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کا شریک ہوں۔ عمر ایوب نے حادثے میں جاں بحق افراد کی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ عمر ایوب خان نے (بقیہ نمبر 18)

حوالہ ہنڈی، غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ملزم گرفتار

قبضے سے 75 لاکھ روپے سے زائد پاکستانی کرنسی اور 5 ہزار امریکی ڈالرز برآمد

کراچی (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے اینٹی کرپشن سرکل کراچی میں کارروائی کرتے ہوئے حوالہ ہنڈی اور غیر قانونی کرنسی ایکسچینج میں ملوث ایک شخص کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار شخص کے قبضے سے 75 لاکھ روپے سے زائد پاکستانی کرنسی اور 5 ہزار امریکی ڈالرز برآمد ہوئے ہیں۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق ایف آئی اے اینٹی کرپشن سرکل نے کراچی میں طارق روڈ سے ملزم محمد جنید کو گرفتار کیا۔ ملزم طارق روڈ پر واقع دبئی سینٹر میں (بقیہ نمبر 19)

ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم پاکستان ٹیلی ویژن لاہور کا دورہ کر رہے ہیں

شکر گڑھ میں ذہنی معذور لڑکی سے مبینہ زیادتی

ملزم نے دیوار پھلانگ کر گھر میں داخل ہو کر زیادتی کی اور فرار ہو گیا

شکر گڑھ (این این آئی) شکر گڑھ میں ذہنی معذور لڑکی سے مبینہ زیادتی کا واقعہ پیش آیا ہے۔ پولیس کے مطابق لڑکی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ متاثرہ لڑکی کے والد نے پولیس کو بتایا کہ ملزم نے دیوار پھلانگ کر گھر میں داخل ہو کر زیادتی کی اور فرار ہو گیا۔ پولیس نے بتایا کہ متاثرہ لڑکی کا ڈی ایچ کیو ہسپتال میں علاج اور میڈیکل کیا جا رہا ہے۔

ایران: پاکستانی زائرین بس کو حادثہ، 35 افراد جاں بحق

ایران میں پاکستانی زائرین کی بس کو حادثہ، 35 افراد جان کی بازی ہار گئے

بس دہشیر تفتان چیک پوائنٹ کے سامنے الٹ گئی جس کے بعد بس کو آگ لگ گئی، 18 زخمی، حالت نازک

تہران / کراچی (این این آئی) ایران کے شہر یزد میں پاکستانی زائرین کی بس کو حادثہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں 35 زائرین جاں بحق ہو گئے جبکہ دیگر 18 زخمی افراد کی حالت نازک ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق زائرین کی بس دہشیر تفتان چیک پوائنٹ کے سامنے الٹ گئی جس کے بعد بس کو آگ لگ گئی۔ ایرانی میڈیا کا کہنا ہے کہ بس میں 53 زائرین سوار تھے، جن میں سے 18 افراد زخمی (بقیہ نمبر 47)

#DARE TO CODE
An iamtheCODE campaign
iamtheCODE

چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ اور آئی ایم دی کوڈ کی سی ای او لیڈی میریم کا پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کے زیر اہتمام پنجاب یونیورسٹی میں منعقدہ سیمینار میں طالبات کے ہمراہ گروپ فوٹو

ہمارا آئین قومی وحدت کا نشان ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ہمارا آئین قومی وحدت کا نشان ہے، اگر نوجوان نسل کو مواقع دیے جائیں تو ماضی کے نقصانات کا خاتمہ ہو جائے گا اور پاکستان کی طرف کوئی (بقیہ نمبر 32)

مریم نواز 2 صوبائی حکومتوں کے اعصاب پر سوار ہیں، عظمیٰ بخاری

سندھ اور خیبر پختونخوا حکومتوں کے اپنے ہسپتالوں، تعلیمی اداروں کا کوئی پرسانِ حال نہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز دو صوبوں کی حکومتوں کے اعصاب پر بری طرح سوار ہیں، سندھ اور خیبر پختون خوا کی حکومتیں اپنے صوبوں کی بجائے پنجاب پر نظر رکھنے کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مریم نواز پنجاب میں مفت ادویات، الیکٹرک بائیکس اور (بقیہ نمبر 31)

جنرل (ر) فیض حمید کا اوپن ٹرائل کیا جائے، عمران خان

اوپن ٹرائل سے ملک کا فائدہ ہوگا اور پاکستان ترقی کریگا، اوپن ٹرائل سے رجیم چینج اور 9 مئی کی سازش بے نقاب ہو جائے گی

چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ جانے والے ہیں، اب جنرل فیض کا ڈرامہ رچا دیا گیا ہے، صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم و بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کا اوپن ٹرائل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اوپن ٹرائل سے ملک کا فائدہ ہوگا اور پاکستان ترقی کریگا، اوپن ٹرائل سے رجیم چینج اور 9 مئی کی سازش بے نقاب ہو جائے گی۔ اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ جانے والے ہیں، اب جنرل فیض کا ڈرامہ رچا دیا گیا ہے، میں مطالبہ کرتا ہوں جنرل فیض کا اوپن ٹرائل کیا جائے اور اس ٹرائل میں میڈیا کو عدالت جانے اور کوریج کی اجازت دی جائے گی، اوپن ٹرائل سے ملک کا فائدہ ہوگا اور پاکستان ترقی کرے (بقیہ نمبر 30)

میڈیا بریفنگ
ڈاکٹر طاہر رضا بخاری
محکمہ اوقاف و مذہبی امور پنجاب

وزیر اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری ڈی جی پی آر میں حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری کے سالانہ عرس کے حوالے سے میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

مونال کی عمارت گرا دی جائے، وائلڈ لائف بورڈ 11 ستمبر کو کنٹرول سنبھالے، سپریم کورٹ کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے مونال ریسٹورنٹ کیس کے تفصیلی فیصلے میں اسلام آباد کے نیشنل پارک میں بنایا مونال ریسٹورنٹ کی عمارت گرانے کا حکم دیتے ہوئے 11 ستمبر کو مونال سمیت دیگر ریسٹورنٹس کا کنٹرول سنبھالنے کا فیصلہ دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے مونال ریسٹورنٹ کیس کا 25 صفحات پر مشتمل تفصیلی فیصلہ تحریر کیا اور اسلام آباد ہائی کورٹ (بقیہ نمبر 7)

خلیل الرحمان کیس، ملزمہ آمنہ عروج کا دورانِ تفتیش کرنٹ لگانے کا الزام

آمنہ عروج کی دونوں ٹانگوں پر تشدد کے نشانات، تین انجریز ہیں، ابتدائی میڈیکل رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف ڈرامہ نگار خلیل الرحمان قمر کو ہنی ٹریپ کرنے کے کیس کی ملزمہ آمنہ عروج نے الزام عائد کیا ہے کہ دورانِ تفتیش انہیں کرنٹ لگایا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں خلیل الرحمان قمر ہنی ٹریپ کیس کی ملزمہ (بقیہ نمبر 48)

کراچی والوں کیلئے بجلی 2 ماہ کی ایڈجسٹمنٹ مد میں 5 روپے 76 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کراچی والوں کیلئے بجلی دو ماہ کی فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 5 روپے 76 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی۔ نیپرا کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق کے الیکٹرک کیلئے مئی اور جون کی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی 5 روپے 76 پیسے فی یونٹ مہنگی ہوئی۔ نیپرا نے بتایا کہ کیا لیکٹرک صارفین کیلئے مئی کی ایڈجسٹمنٹ میں (بقیہ نمبر 9)

پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ پہلے پانچ ملکوں میں شامل

موسمیاتی تبدیلیوں کی شدت میں کمی کے لئے عوام درخت اگاؤ مہم میں بھرپور حصہ لیں

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے متاثرہ پہلے پانچ ملکوں میں شامل ہے۔ امسال پاکستان میں ہیٹ ویو کے دوران گرمی کی شدت میں بے تحاشہ اضافہ نوٹ کیا گیا ہے اور آئندہ سالوں میں اس میں مزید اضافہ بارے خدشہ کا اظہار کیا گیا ہے۔ موسمیاتی تبدیلیوں کی شدت میں کمی کے لئے عوام درخت اگاؤ مہم میں بھرپور حصہ لیں۔ پاکستان میں موسم برسات کی شجرکاری کی مہم شروع ہے، ڈاکٹر محمد نسیم، چیف سائنٹسٹ (بقیہ نمبر 8)

پنجاب بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی گئی

جلسہ جلوس، ریلیوں، دھرنوں، احتجاج پر پابندی دہشت گردی کے خطرات، پابندی کا اطلاق 22 اگست سے ہفتہ 24 اگست تک ہوگا

امن و امان کے قیام، انسانی جانوں اور املاک کے تحفظ کیلئے دفعہ 144 نافذ کی گئی، پابندی کا اطلاق دہشت گردی کے خطرات کے پیش نظر کیا گیا

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے دفعہ 144 کا نفاذ کرتے ہوئے پنجاب بھر میں جلسہ جلوس، ریلیوں، دھرنوں اور احتجاج پر پابندی لگا دی۔ محکمہ داخلہ نے صوبہ بھر میں 3 روز کے لئے دفعہ 144 کے نفاذ کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ پابندی کا اطلاق آج (جمعرات) 22 اگست سے ہفتہ 24 اگست تک ہوگا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے کہا کہ امن و امان کے قیام، انسانی جانوں اور املاک کے تحفظ کیلئے دفعہ 144 نافذ کی گئی، پابندی کا اطلاق دہشت گردی کے خطرات کے پیش نظر کیا گیا۔ سکیورٹی خطرات کے پیش نظر کوئی بھی عوامی اجتماع دہشت گردوں کیلئے سافٹ ٹارگٹ ہو سکتا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ نے کہا کہ عوامی مفاد میں دفعہ 144 کا نفاذ صوبہ بھر میں کیا گیا ہے (بقیہ نمبر 10)

اپنی چھت اپنا گھر
INAUGURATION OF MODEL HOUSE
ARYAM NAWAZ SHARIF
CHIEF MINISTER PUNJAB
ON 21st AUGUST 2024

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف آشیانہ قائد میں ''اپنی چھت اپنا گھر'' ماڈل ہاؤس کا افتتاح کرنے کے بعد دعا مانگ رہی ہیں

حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کا عرس مبارک

، چیئرمین سینٹ کی مزار پر حاضری، پھولوں کی چادر چڑھائی اور دعاء

کراچی (این این آئی) حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے 281 ویں عرس مبارک کی سہ روزہ تقریبات دوسرے روز جاری رہیں اس سلسلے میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی بھٹ شاہ پہنچے، صوبائی وزیر ثقافت سندھ سید ذوالفقار علی شاہ شاہ چیئرمین سینیٹ کے ہمراہ تھے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور دعا کی۔ چیئرمین سینیٹ نے درگاہ حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی رحہ کے احاطے میں شاہ شاہ جو راگ سنا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی لطیف ادبی کانفرنس میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی۔

استاد نے طالب علم کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا، ٹیچر معطل، تحقیقات کا حکم

سرگودھا (این این آئی) گورنمنٹ سکول میں استاد نے طالب علم کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا انتظامیہ نے نوٹس لیتے ہوئے ٹیچر کو معطل کر کے تحقیقات کا حکم دے دیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ کٹھہ سگرال میں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کے پی ایس ٹی ٹیچر شبیہ اختر نے پانچویں جماعت کے طالب علم اسرار احمد (بقیہ نمبر 11)

صحت عامہ کی بہتر سہولیات کی فراہمی موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں

وزیراعلیٰ نے منصب سنبھالنے کے بعد صحت کے کئی بڑے منصوبے شروع کیے جن میں سرگودھا میں نواز شریف کارڈیالوجی ہسپتال کی تعمیر بھی شامل ہے

پنجاب حکومت ان تمام منصوبوں کی شفاف انداز میں بروقت تکمیل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے، کمشنر جہانزیب اعوان

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر) کمشنر جہانزیب اعوان نے کہا ہے کہ صحت عامہ کی بہتر سہولیات کی فراہمی موجودہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے منصب سنبھالنے کے بعد صحت کے کئی بڑے منصوبے شروع کیے جن میں سرگودھا میں نواز شریف کارڈیالوجی ہسپتال کی تعمیر بھی شامل ہے۔ پنجاب حکومت ان تمام منصوبوں کی شفاف انداز میں بروقت تکمیل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ لہذا تمام محکمے اسی جذبے سے کام کریں تاکہ عوام کو صحت عامہ بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اس امر کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ ڈاکٹر فیصل مسعود ٹیچنگ ہسپتال، گورنمنٹ مولا بخش ہسپتال اور گورنمنٹ ٹی بی ہسپتال کی تعمیر و توسیع کے ایک جائزہ اجلاس میں (بقیہ نمبر 12)

قوم شہداء کی عظیم قربانیوں کا قرض ادا نہیں کر سکتی، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے کہا ہے کہ قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ کے دوران شہداء کی عظیم قربانیوں کا قرض ادا نہیں کر سکتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو متاثرین دہشتگردی کی یاد اور انہیں خراج تحسین پیش کرنے (بقیہ نمبر 14)

سڑک پر جاتی خاتون کو ہراساں کرنے والا اوباش گرفتار

تحریری معافی مانگنے، آئندہ ایسی حرکت نہ کرنے پر چھوڑ دیا گیا، ترجمان سیف سٹیز

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ سبزہ زار میں سڑک پر جاتی خاتون کو ہراساں کرنے والے اوباش کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق خاتون نے ویمن سیفٹی ایپ کے ذریعے ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن سے ''چیٹ فیچر'' کے ذریعے رابطہ کیا۔ خاتون نے بتایا کہ روزانہ آفس جاتے ایک انجان شخص موٹر سائیکل پر اس کا پیچھا کرتا ہے اور نازیبا فقرے کستا ہے۔ خاتون نے سیف سٹی کیمروں کے ذریعے ملزم کی شناخت کرنے کی درخواست (بقیہ نمبر 13)

پبلشر و چیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351